Daily PUBLIC KARACHI
روزنامہ پبلک کراچی
ایڈیٹر انچیف وسیم احمد
جلد 12 | پیر 02 نومبر 2026ء، 20 جمادی الاول 1448ھ | 4 صفحات | قیمت 5 روپے | شمارہ 222

پنجاب میں 3 سال تک 10 لاکھ نوجوانوں کی سکل ڈویلپمنٹ کا ہدف

ماڈرن ویڈو رکنگ سنٹر آف ایکسی لینس قائم کرنے کا فیصلہ

مریم نواز کی زیر صدارت خصوصی اجلاس، بریفنگ، ٹیکنیکل ٹریننگ، امتحانی ڈیجیٹلائزیشن، آن لائن رجسٹریشن پورٹل، کیو آر کوڈ بھی ہوگا، چھ لاکھ امیدوار امتحانات دے سکیں گے

پنجاب میں پہلی مرتبہ سی ایم لینگویج لرننگ پروگرام کے تحت 13 زبانوں کی کورسز کرائے جائیں گے، پنجاب کی پہلی کلیئنگ اینڈ کلینر اکیڈمی قائم کرنے کی منظوری دیدی



لاہور، وزیراعظم شہباز شریف سے مسلم لیگ ن کے رہنما ملک سلطان محمود ملاقات کر رہے ہیں

لاہور (نمائندہ خصوصی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی زیر صدارت خصوصی اجلاس منعقد ہوا، اجلاس میں سکل ڈویلپمنٹ پروجیکٹس پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے اگلے تین سال تک مجموعی طور پر 10 لاکھ نوجوانوں کی سکل ڈویلپمنٹ کا ہدف مقرر کر دیا۔ اجلاس میں پنجاب میں پہلا ماڈرن ویڈو رکنگ سنٹر آف ایکسی لینس قائم کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ ٹیکنیکل ٹریننگ، امتحانات کی ڈیجیٹلائزیشن، آن لائن رجسٹریشن پورٹل، ڈیجیٹل امتحانی پرچے اور کیو آر کوڈ بھی ہوگا۔ ڈیجیٹل اپگریڈ ایجوکیشن سسٹم سے دو لاکھ سے چھ لاکھ امیدوار امتحانات دے سکیں گے۔ اجلاس میں ایجوکیشن، ہیومینٹیز اینڈ سوشل سائنسز ڈیپارٹمنٹ کے پروگرام (بقیہ صفحہ 3 جیہ نمبر 30)

بھارت پاکستان میں دہشتگردی کے سب سے بڑا سپانسر ہے

ترجمان پاک فوج

دہشت گرد تنظیمیں ٹی ٹی پی اور بی ایل اے بھی پاکستان کے خلاف بھارتی پراکسی ہیں، افغان طالبان اپنے مذموم مقاصد کے لیے غیر ریاستی عناصر اور کرائے کے جنگجو استعمال کرتے ہیں، ڈی جی آئی ایس پی آر

افغان طالبان حکومت بھارت کی پراکسی ہے، کرائے کے جنگجو استعمال کر رہے ہیں، پاکستان افغان طالبان سے صرف یہ کہتا ہے کہ وہ پاکستان کے اندر دہشت گردوں کی حمایت کرنا بند کرے، لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف

راولپنڈی (نمائندہ خصوصی) پاک فوج کے ترجمان لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا ہے کہ افغانستان کو غیر ریاستی عناصر چلا رہے ہیں اور یہ ایک رجیم ہے، افغان طالبان حکومت بھارت کی پراکسی ہے اور کرائے کے جنگجو استعمال کر رہے ہیں۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے ڈائریکٹر جنرل (ڈی جی) لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے مالی خبر انجنسی رائٹرز کو (بقیہ صفحہ 3 جیہ نمبر 25)

پاکستان افغانستان کیساتھ مذاکرات میں امریکہ سمیت تمام دوست ممالک کی مخلصانہ کوششوں کا خیر مقدم کرے گا، بیان

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) ترجمان دفتر خارجہ نے امریکی وزیر خارجہ کے بیان کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان افغانستان کے ساتھ مذاکرات میں سہولت کاری کے لیے امریکہ سمیت تمام دوست ممالک کی مخلصانہ کوششوں کا خیر مقدم کرے گا۔ وفاقی وزارت خارجہ کے جاری ترجمان دفتر خارجہ کے بیان کے مطابق ہاسمی نے کہا کہ مذاکرات کے لیے ضروری ہے کہ افغان طالبان حکام اس بات کا واضح عزم کریں کہ وہ اپنی سرزمین سے سرگرم دہشت گرد گروہوں کے خلاف ٹھوس کارروائیاں کریں گے۔ ترجمان نے کہا کہ افغان سرزمین سے سرگرم تحریک طالبان پاکستان (ٹی ٹی پی)، فتنہ الخوارج (ایف اے کے)، بلوچستان لبریشن آرمی (بی ایل اے)، فتنہ الہندوستان (ایف اے ایچ) اور دیگر دہشت گرد گروہوں کے خلاف قابل تصدیق کارروائی کرنا ہوگی۔ دوسری جانب دفتر خارجہ (بقیہ صفحہ 3 جیہ نمبر 26)

پاک سعودی تعمیری روابط کیلئے بدستور تیار ہے، دفتر خارجہ

امریکی وزیر خارجہ کے بیان کا خیر مقدم

روابط کے نتیجے میں پاکستان کے جائز سکیورٹی خدشات دور کرنے کے لیے عملی اور ٹھوس پیش رفت ہونا ضروری ہے، ترجمان

پاکستان افغانستان کیساتھ مذاکرات میں امریکہ سمیت تمام دوست ممالک کی مخلصانہ کوششوں کا خیر مقدم کرے گا، بیان

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) ترجمان دفتر خارجہ نے امریکی وزیر خارجہ کے بیان کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان افغانستان کے ساتھ مذاکرات میں سہولت کاری کے لیے امریکہ سمیت تمام دوست ممالک کی مخلصانہ کوششوں کا خیر مقدم کرے گا۔ وفاقی وزارت خارجہ کے جاری ترجمان دفتر خارجہ کے بیان کے مطابق ہاسمی نے کہا کہ مذاکرات کے لیے ضروری ہے کہ افغان طالبان حکام اس بات کا واضح عزم کریں کہ وہ اپنی سرزمین سے سرگرم دہشت گرد گروہوں کے خلاف ٹھوس کارروائیاں کریں گے۔ ترجمان نے کہا کہ افغان سرزمین سے سرگرم تحریک طالبان پاکستان (ٹی ٹی پی)، فتنہ الخوارج (ایف اے کے)، بلوچستان لبریشن آرمی (بی ایل اے)، فتنہ الہندوستان (ایف اے ایچ) اور دیگر دہشت گرد گروہوں کے خلاف قابل تصدیق کارروائی کرنا ہوگی۔ دوسری جانب دفتر خارجہ (بقیہ صفحہ 3 جیہ نمبر 26)

رانا مشہود و بلوچستان کے نوجوانوں کیلئے روزگار کے منصوبے کا اعلان

12 اضلاع سے منتخب کیے گئے 25 ہزار نوجوانوں کے لیے روزگار کے مواقع پیدا کیے جائیں گے، پرائم منسٹر یوتھ پروگرام کے فوکل پرسن چوہدری نعیم کریم

رانا مشہود بلوچستان کے نوجوانوں کو اعلیٰ تعلیم کی فراہمی اور انہیں ہنرمند بنانے کیلئے خصوصی توجہ دے رہے ہیں جس کے جلد مثبت نتائج سامنے آنا شروع ہو جائیں گے

کوئٹہ (خصوصی رپورٹ) پرائم منسٹر یوتھ پروگرام کے فوکل پرسن و مسلم لیگ (ن) کے مرکزی سینئر رہنما چوہدری نعیم کریم نے کہا ہے کہ پاکستان کی ایک بڑی آبادی نوجوانوں پر مشتمل ہے وفاقی حکومت نوجوانوں کو تعلیم کی سہولیات اور انہیں تکنیک ہنر سکھانے کے لئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا رہی ہے۔ (بقیہ صفحہ 3 جیہ نمبر 28)



پیٹرن پاکستان علما کونسل حافظ طاہر اشرفی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پاکستان واٹر ویک کانفرنس 2026 (آج) سے وفاقی دارالحکومت میں شروع ہوگی، تیاریاں مکمل

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) چھٹے پاکستان واٹر ویک 2026 کے لیے تیاریاں مکمل کر لی گئی ہیں جو (آج) پیر 2 نومبر کو اسلام آباد میں شروع ہوگا۔ واٹر ویک میں آبی وسائل کے تحفظ اور موسمیاتی لچک پر مبنی خوراک کے نظام کے انتظام کیلئے قومی اور بین الاقوامی شراکت دار شریک (بقیہ صفحہ 3 جیہ نمبر 32)

بھارت سے آنیوالی ہوائیں فضائی معیار خراب کر رہی ہیں

4 ایسٹوں کے بھٹے سمسار، 8 کو سیل کیا گیا ہے، مریم اورنگزیب

لاہور (خصوصی رپورٹر) پنجاب کی سینئر وزیر مریم اورنگزیب نے کہا ہے کہ لاہور میں پیلے والی کمزور ہوا اور بھارت سے آنے والی ہوائیں فضائی معیار خراب کر رہی ہیں۔ اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ فضائی آلودگی کم کرنے کے لیے مانیٹرنگ، روک تھام اور فیلڈ انفورسمنٹ جاری ہے۔ مریم اورنگزیب کا کہنا ہے کہ خلاف ورزی پر 3 صنعتی یونٹس کو سیل کر کے مقدمات درج کیے گئے ہیں جبکہ 16 لاکھ روپے کا جرمانہ بھی عائد کیا گیا ہے۔ پنجاب کی سینئر وزیر نے کہا کہ 4 اینٹوں کے بھٹے سمسار کیے گئے ہیں، 8 کو سیل کیا گیا ہے، 4 بھٹوں کے خلاف مقدمات درج کیے گئے ہیں جبکہ 10 لاکھ روپے جرمانے بھی عائد کیے گئے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ ضلعی معیاری پالیسنگ فیکلٹی کے خلاف کارروائیوں میں 178 مقامات کی انسپکشن (بقیہ صفحہ 3 جیہ نمبر 31)

افغان مہاجرین سے متعلق وفاق کی پالیسی اپنائیں گے، گورنر کے پی

غیر قانونی طور پر مقیم افغان مہاجرین کو واپس جانا ہوگا، فیصل کریم کنڈی کی گفتگو

پشاور (خصوصی رپورٹر) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ افغان مہاجرین سے متعلق وفاقی کی پالیسی اپنائیں گے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ وزیراعظم 160 ارب روپے دے رہے ہیں، 70 فیصد رقم ان علاقوں میں خرچ ہوگی جو ماضی میں متاثر رہے ہیں، تعلیم، صحت اور انفرا اسٹرکچر کی بحالی کے منصوبے شروع کیے جائیں گے۔ (بقیہ صفحہ 3 جیہ نمبر 33)

مہنگائی قابو میں نہ آئی تو فرانس جیسا عوامی ردعمل سامنے آسکتا ہے

حکومت محنت کش طبقے کی معاشی مشکلات کا فوری حل نکالے، چودھری سرور

لاہور (خصوصی رپورٹر) سابق گورنر پنجاب چودھری محمد سرور نے کہا ہے کہ اگر پاکستان میں بجلی اور پیٹرول کی قیمتوں کو عوام کی قوت خرید کے مطابق لانے اور مزدور اور محنت کش طبقے کے معاشی مسائل حل کرنے پر توجہ نہ دی گئی تو یہاں بھی فرانس جیسے حالات پیدا ہو سکتے ہیں، حکومت کو چاہیے کہ عوامی بے چینی بڑھنے کا انتظار کرنے کے بجائے بروقت معاشی، سیاسی اور انتظامی قدم اٹھائے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ فرانس میں ایندھن کی بڑھتی قیمتوں، معیار زندگی اور تعلیمی مسائل پر احتجاج اس (بقیہ صفحہ 3 جیہ نمبر 34)



لاہور، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی زیر صدارت خصوصی اجلاس میں سکل ڈویلپمنٹ پراجیکٹس پر تفصیلی بریفنگ دی جا رہی ہے

گلگت بلتستان کا 79 واں یوم آزادی شہداء کو خراج عقیدت ترقی و خوشحالی کا عزم

آزادی کے بعد گلگت بلتستان کا پاکستان سے الحاق محبت کا اظہار تھا، وزیراعلیٰ، وفاقی تعاون جاری رہے گا، وزیراعظم

گلگت بلتستان پاکستان کا لازمی حصہ، ترقی، خوشحالی اور عوامی فلاح مشترکہ ذمہ داری ہے، مریم نواز کا مبارکباد کا پیغام

گلگت (مانیٹرنگ ڈیسک) گلگت بلتستان میں ڈوگرہ راج کے خلاف تاریخی جدوجہد اور آزادی کی 79 ویں سالگرہ، قومی جوش و جذبے سے منائی گئی۔ مرکزی تقریب گلگت کے پریڈ گراؤنڈ میں منعقد ہوئی، جہاں گورنر گلگت بلتستان سید مہدی شاہ اور وزیراعلیٰ انجم عقیل نے قومی پرچم لہرایا۔ گلگت بلتستان پولیس کے دستے نے گارڈ آف آنر پیش کیا جس کے بعد دھوں، ہتھاڑوں نے تحریک آزادی 1947 کے شہداء کی یاد تازہ کر دی۔ بچوں کی چاند پیدائی اور فاتحہ خوانی کی۔ وزیراعلیٰ انجم عقیل نے یکم نومبر کو گلگت بلتستان کی تاریخ کا اہم اور یادگار دن قرار دیتے ہوئے کہا کہ یہ دن آزادی، قربانی، اتحاد اور حب الوطنی کی علامت ہے۔ انہوں نے ڈوگرہ راج کے خلاف جدوجہد کرنے والے عوام کو خراج تحسین پیش کیا اور کہا کہ آزادی کے بعد گلگت بلتستان کا پاکستان سے الحاق عوام کی ملک سے محبت کا اظہار تھا۔ (بقیہ صفحہ 3 جیہ نمبر 36)



آئی جی پنجاب عبدالکریم افسوسی کنشن اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

افغان طالبان بگڑتے تعلقات کی وجوہات تسلیم کرنیکو آمادہ نہیں

کابل کو دہشتگردی روکنے کی ذمہ داری پوری کرنا ہوگی، پاکستان

اپنے شہریوں کے تحفظ اور سلامتی پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جا سکتا، وزارت اطلاعات

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) وزارت اطلاعات و نشریات نے ترجمان افغان طالبان کے حالیہ بیانات پر کہا ہے کہ افغان طالبان بگڑتے تعلقات کی وجوہات تسلیم کرنے کو آمادہ نہیں ہیں، کابل کو دہشتگردی روکنے کی ذمہ داری پوری کرنا ہوگی۔ وزارت اطلاعات و نشریات نے ایک بیان میں کہا کہ طالبان حکومت کے ترجمان کا بیان رجیم کی انتہائی گمراہ کن سوچ کو بے نقاب کرتا ہے۔ وزارت اطلاعات و نشریات کے مطابق افغان طالبان بگڑتے تعلقات کی بنیادی وجوہات تسلیم کرنے کو آمادہ نہیں ہیں، افغان طالبان قیادت مسلسل پاکستان کی پالیسیوں کو مورد الزام ٹھہرا رہی ہے۔ وزارت اطلاعات کے مطابق افغان طالبان اس اہم مسئلے کو نظر انداز کر رہے ہیں جو تعلقات میں بگاڑ کی بنیادی سبب ہے، یہ بگاڑ کی بنیادی سبب افغان سرزمین سے دہشتگردی روکنے میں طالبان حکومت کی مسلسل ناکامی ہے، دوطرفہ تعلقات میں سب سے بڑی رکاوٹ افغان سرزمین (بقیہ صفحہ 3 جیہ نمبر 46)

پنجاب بھر میں 1404 ٹریفک حادثات میں 17 افراد جاں بحق 1643 زخمی ہوئے

لاہور (خصوصی رپورٹر) ایمرجنسی سروسز ڈیپارٹمنٹ نے گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران پنجاب بھر میں 1404 ٹریفک حادثات پر ریسپانڈ کیا جن میں 742 افراد شدید زخمی ہوگئے جنہیں فوری طور پر ڈویژنل ہیڈکوارٹر ہسپتالوں میں منتقل کیا گیا۔ 901 معمولی زخمی لوگوں کو ریسکیو میڈیکل کیمپوں کے بنائے حادثہ پر بروقت طبی امداد فراہم کرنے کی وجہ سے ہسپتالوں پر بوجھ کم ہوا۔ ان حادثات میں زیادہ 7 تعداد (78 فیصد) موٹر سائیکلز حادثات کی ہے اس (بقیہ صفحہ 3 جیہ نمبر 45)

گرینڈ بلوچستان ٹی ٹوئنٹی کرکٹ لیگ کوئٹہ لیگ میچز کا شاندار سلسلہ جاری

کرکٹ لیگ کوئٹہ آل بلوچستان جو کہ ایف سی بلوچستان (نارتھ) کے تعاون سے جاری

کوئٹہ (نمائندہ خصوصی) گرینڈ بلوچستان ٹی ٹوئنٹی کرکٹ لیگ کوئٹہ لیگ میچز کا شاندار سلسلہ جاری ☐ گرینڈ بلوچستان ٹی ٹوئنٹی کرکٹ لیگ کوئٹہ آل بلوچستان جو کہ ایف سی بلوچستان (نارتھ) کے تعاون سے جاری ہے۔ جس کا آغاز ہوا اس لیگ میچ 31 اکتوبر 2026 کو یو ٹمبر اسٹیڈیم کوئٹہ میں کھیلا گیا۔ شاندار مقابلے کے بعد چاغی سکارپئنز کے درمیان کھیلا گیا۔ شاندار مقابلے کے بعد چاغی سکارپئنز ٹیم نے 4 وکٹس سے کامیابی اپنے نام کی۔ مزید نظریں چیمپئن ٹرافی کی جانب۔ جوش بھی، ہنر بھی منزل صرف چیمپئن ٹرافی!



قومی ایئر لائن کا پہلا بوئنگ 787-9 ڈریم لائنر طیارہ پاکستان پہنچ گیا

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) قومی ایئر لائن کا پہلا بوئنگ 787-9 ڈریم لائنر طیارہ پاکستان پہنچ گیا۔ لیز پر حاصل کردہ جدید ترین ڈریم لائنر لندن سے پرواز اپنی کے 786 کے طور پر اسلام آباد پہنچا۔ یہ طیارہ پاکستان کی کسی بھی ایئر لائن کے فضائی بیڑے میں شامل ہونے والا اپنی نوعیت کا پہلا بوئنگ 787-9 ہے۔ پی ای او ایئر لائنز اے ایئر واس ماڈل عامر حیات نے اپنی ٹیم کے ہمراہ اسلام آباد ایئر پورٹ (بقیہ صفحہ 3 جیہ نمبر 39)

بلوچستان متعدد خاندانوں کا دہشتگردی میں ملوث ہونے سے اعلان لاتعلقی

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) بلوچستان کے مختلف علاقوں میں متعدد خاندانوں نے دہشت گردی میں ملوث اپنے بیٹوں اور بھائیوں سے لاتعلقی کا اعلان کرتے ہوئے فتنہ الہندوستان سے شدید نفرت کا اظہار کیا ہے۔ کوئٹہ میں جاذیب نور زیب، انور نجیب قاسم اور مجید اللہ کے اہلخانہ نے ان سے تعلق ختم کرنے کا اعلان کیا۔ اسی طرح مستونگ سے تعلق رکھنے والے یونس شاہوانی کے خاندان نے بھی اس کے کسی عمل (بقیہ صفحہ 3 جیہ نمبر 37)

مظفر آباد صحت کارڈ 10 ماہ میں 3400 سے زائد مریض مستفید

صحت پیکیج، شیخ زید ہسپتال، سی ایم ایچ مظفر آباد میں سٹی سکین، ایم آر آئی کے مفت مہنگے ٹیسٹ کیے جا رہے ہیں، ترجمان

صحت کارڈ قابل تعریف، خورشید اعوان، بشارت بگوال، بلال حسین، کاشف اعوان، سالک احمد، رفیق اعجاز، فوزیہ، طارق عمران

مظفر آباد (بیورو رپورٹ) وزیراعظم پاکستان صحت کارڈ کے آزاد کشمیر میں اب تک 1,21 سے ازاد کشمیر بھر کے مختلف ہسپتالوں کا شہری مریضوں کو علاج معالجے کی مفت سہولیات کی فراہمی جاری عوام کا اظہار اطمینان الشیخ بن زید ہسپتال مظفر آباد میں 10 مہینوں میں 3400 سے زائد مریض مفت علاج معالجہ اور آپریشن کی سہولت سے مستفید ہو کر صحت مند ہو گئے وزیراعظم صحت کارڈ کے تحت مختلف ہسپتالوں کے علاج ٹیسٹ اور ویات کی فراہمی ڈریپ سے رجسٹرڈ فرمی کی ادویات فراہم کی جا رہی ہیں ادویات کی اور علاج معالجے کی فراہمی پیکج کے تحت کی جاتی ہے ہر بیماری کا اس وزیراعظم صحت کارڈ میں ایک پیکج بھی کیا ہے اس صحت کارڈ کے ذریعے شیخ بن زید ہسپتال سی ایم ایچ مظفر آباد میں سٹی سکین ایم آر آئی کے مفت مہنگے ٹیسٹ کیے جا رہے ہیں جبکہ دل کے مریضوں بچوں کی بیماریوں انکھوں کے اپریشن (بقیہ صفحہ 3 جیہ نمبر 44)



امیر جماعت اسلامی کراچی منعم ظفر پریس کانفرنس کر رہے ہیں



اداریتی صفحہ



تیجی سلامتی اور پاکستان کا کردار

مشرق وسطیٰ اس وقت اسی کڑے امتحان سے گزر رہا ہے، جہاں ایک طرف جنگ کے شعلے پورے خطے کو اپنی لپیٹ میں لینے کا اندیشہ پیدا کر رہے ہیں اور دوسری جانب سفارتی کوششیں اس خطرناک صورت حال کو علاقائی تصادم میں تبدیل ہونے سے روکنے کی جدوجہد کر رہی ہیں۔ پاکستان، قطر، سعودی عرب ترکیہ اور ایران کے درمیان رابطوں میں پیش رفت اور سعودی کابینہ کی جانب سے امن کے لیے پاکستان اور قطر کی کوششوں کی توثیق اس حقیقت کی نشان دہی کرتی ہے کہ جنگ کے ماحول میں بھی مذاکرات کی اہمیت کم نہیں ہوتی، بلکہ ان کی ضرورت کہیں زیادہ بڑھ جاتی ہے۔ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی سفارتی کوششوں کے تناظر میں تہران میں ہونے والی اعلیٰ سطح کی بات چیت کو اسی وسیع تر پس منظر میں دیکھنے کی ضرورت ہے، کیونکہ اس کے نتائج محض چند ممالک کے باہمی تعلقات تک محدود نہیں رہیں گے بلکہ پورے خطے کے سیاسی معاشی اور جغرافیائی مستقبل پر اثر انداز ہو سکتے ہیں۔ سعودی ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان کی زیر صدارت کابینہ کے اجلاس میں پاکستان اور قطر کی ثالثی کی کوششوں کی حمایت اور مکہ معاہدے میں شامل ممالک کے مجموعی کردار کا اعتراف ایک اہم سفارتی پیش رفت ہے۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ خطے کے اہم ممالک کشیدگی میں کمی کے لیے ایسے راستوں کی تلاش میں ہیں جن کے ذریعے سیاسی کے تقاضوں اور سیاسی اختلافات کے درمیان توازن پیدا کیا جا سکے۔ تاہم سفارتی حمایت کو حتمی کامیابی تصور کرنا قبل از وقت ہوگا۔ اس کی حقیقی اہمیت اس وقت سامنے آئے گی جب بیانات عملی اقدامات میں ڈھلیں گے۔ محاذِ جنگ کا سلگتا رہنا کسی بھی وقت پورے خطے کو اپنی لپیٹ میں لے سکتا ہے، اس لیے فوری جنگ بندی اور مذاکرات کی میز پر واپسی ہی سب سے محفوظ راستہ ہے۔ پاکستان کی ترجیح بھی یہی ہے اور اسی سوچ کے تحت وہ ایران اور امریکا کے درمیان پیغام رسانی کا کردار ادا کر رہا ہے۔ ایران کے سپریم لیڈر مجتبیٰ خامنہ ای کی جانب سے عمانی وزیر خارجہ سے ملاقات میں مذاکرات کی بحالی کے عزم کا اظہار اسی سفارتی عمل کو آگے بڑھانے کی کوشش ہے۔ پاکستان کی یہ کوشش اس لیے بھی اہم ہے کہ وہ ایران اور امریکا دونوں کے ساتھ رابطے برقرار رکھے ہوئے ہے، جو اسے ایک قابلِ اعتماد ثالث کا کردار ادا کرنے کا موقع فراہم کرتا ہے۔ تاہم ثالثی کی اپنی حدود بھی ہیں۔ پاکستان کی کوشش اسی وقت نتیجہ خیز ہو سکتی ہے جب فریقین بھی سنجیدگی سے مذاکرات کی میز پر واپس آنے کا ارادہ ظاہر کریں۔ اگر ایک ملک کو اپنے لیے بیرونی مداخلت سے آزادی کا مطالبہ کرے لیکن دوسرے ممالک کو عدم تحفظ سے دوچار کرنے والے اقدامات جاری رکھے تو اس کی پالیسی میں بنیادی تضاد پیدا ہو جاتا ہے۔ ایران کے سپریم لیڈر مجتبیٰ خامنہ ای کی جانب سے ہمسایہ ممالک کے ساتھ تعلقات مضبوط بنانے اور آبنائے ہرمز کے انتظام کے ذریعے قومی و علاقائی سلامتی کے تحفظ پر زور دینا ایک مثبت سمت کی طرف اشارہ کر سکتا ہے، بشرطیکہ اس سوچ کو عملی پالیسی میں تبدیل کیا جائے۔ عسکری و زارت خارجہ کی جانب سے ایران پر زور دیا جانا کہ وہ امریکا اور ایران کے درمیان ثالثی کی کوششوں کو کامیاب بنانے کے لیے ٹھوس لائحہ عمل پیش کرے، بھی ممالک کی تحویش کو نمایاں کرتا ہے۔ قطر نے بالخصوص دشمنی آمیز طرزِ عمل ترک کرنے اور آبنائے ہرمز کو کھولنے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ یہ مطالبات محض سفارتی اصطلاحات نہیں، بلکہ عالمی معیشت کے لیے براہ راست اہمیت رکھتے ہیں۔ آبنائے ہرمز عالمی توانائی کی ترسیل کے اہم ترین بحری راستوں میں شمار ہوتی ہے۔ یہاں جہاز رانی میں رکاوٹ تیل اور گیس کی قیمتوں میں اضافہ اور عالمی منڈیوں کے استحکام کو متاثر کر سکتی ہے۔ پاکستان جیسے درآمدی توانائی پر انحصار کرنے والے ملک کے لیے آبنائے ہرمز کی صورت حال صومعی اہمیت رکھتی ہے۔ تیل کی قیمتوں میں اضافہ صرف پٹرول پمپ پر نرخ بڑھنے تک محدود نہیں رہتا، بلکہ اس کے اثرات بجلی، صنعت، زراعت، اشیائے خورد و نوش، مال برداری اور گھریلو اخراجات تک پہنچتے ہیں۔ مہنگی توانائی پیداواری لاگت بڑھاتی ہے، جس کے نتیجے میں کاروباری سرگرمیوں پر دباؤ اور عام شہری کی قوت خرید میں کمی واقع ہوتی ہے۔ چنانچہ مشرق وسطیٰ میں امن پاکستان کے لیے محض خارجہ پالیسی کا موضوع نہیں، بلکہ معاشی استحکام، مہنگائی پر قابو پانے اور عوامی مشکلات کم کرنے کی بنیادی ضرورت بھی ہے۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے ایران کے میزائل پروگرام سے متعلق بیانات نے اس بحران میں ایک اور پیچیدگی پیدا کر دی ہے۔ ان کا دعویٰ ہے کہ ایران ایسے میزائل تیار کر رہا ہے جو یورپ تک پہنچ سکتے ہیں اور امریکا کے بعض شہروں کو بھی نشانہ بنا سکتے ہیں۔ فراہم کردہ اطلاعات میں ان دعووں کی آزاد تصدیق موجود نہیں، اس لیے انھیں ثابت شدہ حقیقت کے بجائے امریکی صدر کے بیان کردہ مؤقف کے طور پر ہی دیکھا جانا چاہیے۔ پاکستان کو اپنی سفارتی کوششوں میں سعودی عرب اور ایران دونوں کے ساتھ تعلقات کی نزاکت کو بھی مدنظر رکھنا ہوگا۔ اس کے لیے ضروری ہے کہ ثالثی کے عمل میں غیر جانب دارانہ اعتماد، مسلسل رابطہ، واضح ترجیحات اور حقیقت پسندانہ اہداف کو بنیادی حیثیت دی جائے۔ پاکستان کو قطر، ترکیہ اور دیگر متعلقہ ممالک کے ساتھ مل کر ایسے اقدامات کی حمایت کرنی چاہیے جن کے ذریعے محلوں کی روک تھام، شہری تنصیبات کا تحفظ، آبنائے ہرمز میں محفوظ جہاز رانی اور مذاکرات کی بحالی ممکن ہو سکے۔ ساتھ ہی یہ بھی ضروری ہے کہ کسی ایک سفارتی پیش رفت کو حتمی کامیابی قرار دینے کے بجائے اس کے عملی نتائج کا جائزہ لیا جاتا رہے۔ مشرق وسطیٰ کو اس وقت ایسے فیصلوں کی ضرورت ہے جو وقتی سیاسی فائدے کے بجائے آنے والی نسلوں کے مستقبل کو سامنے رکھ کر کیے جائیں۔ جنگ کا دائرہ وسیع ہوا تو اس کی قیمت صرف حکومتیں ادا نہیں کریں گی؛ عام شاہراہوں، محنت کشوں، چھوٹے کاروباروں، مریضوں اور ان بچوں کو بھی بھگتنا پڑے گی جن کا تازہ ترین آغاز یا پالیسی سازی میں کوئی کردار نہیں۔ توانائی کی قیمتوں میں اضافہ، تجارتی راستوں کی بندش اور سرمایہ کاری کے اعتماد میں کمی پورے خطے کی ترقی کو برسوں پیچھے دھکیل سکتی ہے۔ پاکستان کی سفارتی کوششوں کو کامیابی سے ہمکنار کرنے کے لیے ضروری ہے کہ علاقائی ممالک اپنی کوئی ایک خوش نما رہ نہ سمجھیں، بلکہ اسے مشترکہ مفاد اور اجتماعی بقا کی ناگزیر شرط تسلیم کریں۔ سعودی کابینہ کی جانب سے پاکستان اور قطر کے کردار کی توثیق ایک حوصلہ افزا پیش رفت ضرور ہے، مگر اصل منزل ابھی باقی ہے۔ ایران کو اپنے ہمسایوں کے خدشات دور کرنے ہوں گے، امریکا کو مذاکرات کے امکانات کھلے رکھنے ہوں گے اور یہی ریاستوں کو دفاعی تحفظ کے ساتھ سیاسی حل کی کوششیں بھی جاری رکھنا ہوں گی۔

چرواہا۔۔مٹی کی خوشبو، فطرت کی آغوش اور دیہی زندگی کا ایک زندہ کردار



بچپن کی یادوں میں گاؤں کی صبح کا ایک منظر آج بھی پوری تازگی کے ساتھ محفوظ ہے۔ پو پھٹتے ہی مختلف گھروں سے مویشیوں اور بکریوں کے ریوڑ نکلنا شروع ہو جاتے۔ ان کے آگے پیچھے چلتے جانوروں کی گھنٹیوں کی آوازیں، قدموں کی دھمک اور ایک دوسرے کو پکارنے کی صدائیں گاؤں کی خاموش فضا میں ایک مانوس سی گونج پیدا کر دیتیں۔ ان ریوڑوں کے ساتھ ایک شخص بھی دکھائی دیتا؛ ہاتھ میں چھڑی، کندھے پر پانی کی بیگ لٹکائے اور کپڑے میں دن بھر کے لیے کھانا باندھے، وہ اپنے جانوروں کے ہمراہ چراگاہوں کی طرف رواں دواں ہوتا۔ اس کے چہرے پر دن بھر کی مشقت کا اندازہ شاید اس وقت نہ ہوتا مگر آج جب ان یادوں کو پلٹ کر دیکھتا ہوں تو احساس ہوتا ہے کہ اس سادہ سے منظر میں محنت، ذمہ داری اور دیہی زندگی کی پوری معنویت سمٹی ہوئی تھی۔ میرا تعلق ایک زمیندار گھرانے سے ہے اور گاؤں کی زندگی سے یہ قربت محض سنی سنائی باتوں تک محدود نہیں۔ میں نے چرواہے کو موسموں کے بدلتے رنگوں میں، گھنوں کی منڈیروں، کچی پگڈنڈیوں، پہاڑی ڈھلوانوں اور ندی نالوں کے کنارے اپنے ریوڑ کے ساتھ چلتے دیکھا ہے۔ صبح سویرے گھر سے نکلنے والا یہ شخص عصر کی اذان کے بعد جانوروں سمیت واپس لوٹتا تو بظاہر اس کا دن مکمل ہو جاتا لیکن گھر پہنچ کر بھی اس کی ذمہ داریاں ختم نہ ہوتیں۔ وقت گزرنے کے ساتھ یہ احساس گہرا ہوا کہ چرواہا محض جانور چرانے والا شخص نہیں، بلکہ دیہی معیشت اور ہماری روزمرہ غذائی ضروریات سے جڑا ایک اہم کردار ہے۔ چرواہے کی صبح اس وقت شروع ہو جاتی ہے جب گاؤں پر رات کی خاموشی پوری طرح رخصت بھی نہیں ہوئی ہوتی۔ کہیں مرغ کی بانگ سنائی دیتی ہے، کہیں چولہوں سے دھواں اٹھنے لگتا ہے اور مویشیوں کے باڑوں میں چہل پہل شروع ہو جاتی ہے۔ وہ جانوروں کو اکٹھا کرتا، دن بھر کے لیے کھانا اور پانی ساتھ لیتا اور کچی پگڈنڈیوں پر چل پڑتا ہے۔ اس کے لیے صبح کی تازگی آرام یا تفریح کا ہنگام نہیں، بلکہ ایک طویل دن کی ذمہ داریوں کا آغاز ہے۔ میں نے اپنے مشاہدے میں پایا ہے کہ چرواہا زمین اور موسم کی زبان کسی کتاب سے نہیں، برسوں کی رفاقت سے سیکھتا ہے۔ اسے معلوم ہوتا ہے کہ کس ڈھلوان پر چارہ بہتر ہے، کس راستے سے پانی تک پہنچا جا سکتا ہے اور بدلتے موسم میں ریوڑ کو کس سمت لے جانا مناسب ہوگا۔ یہ علم بظاہر سادہ دکھائی دیتا ہے، مگر اس میں تجربے کی گہرائی ہوتی ہے جو وقت، مشاہدے اور مسلسل محنت سے حاصل ہوتی ہے۔ وہ اپنا محض جانوروں کے پیچھے چلنے والا شخص نہیں؛ وہ ان کی عادات، مزاج اور ضرورتوں سے واقف ایک تجربہ کار نگہبان ہوتا ہے۔ دن چڑھنے پر ریوڑ کھلے میدانوں، پہاڑی ڈھلوانوں اور قدرتی چراگاہوں میں پھیل جاتا ہے۔ بکریاں جھاڑیوں میں چارہ تلاش کرتی ہیں، بھیڑیں گھاس پر منہ مارتی ہیں اور دوسرے مویشی سایہ دیکھ کر ٹھہر جاتے ہیں۔ چرواہے کی نگاہ مسلسل ان کے ساتھ رہتی ہے۔ وہ پرندوں کی آوازیں سنتا، بادلوں کی سرسراہٹ پہچانتا اور بہتے پانی کے کنارے کچھ دیر سستانا بھی جانتا ہے۔ جنگلی درختوں کے پھل اور مقامی پودے اس کے لیے اجنبی نہیں ہوتے؛ اس واقفیت میں اس کے اپنے تجربے کے ساتھ بزرگوں سے سیکھا ہوا علم بھی شامل ہوتا ہے۔ فطرت اس کے لیے محض دل کش منظر نہیں، بلکہ روزمرہ زندگی کا حصہ ہے۔ چرواہے اور اس کے جانوروں کے درمیان ایک خاموش مگر گہرا تعلق قائم ہو جاتا ہے۔ وہ اپنی مخصوص آواز میں پکارتا ہے تو جانور اس کی طرف متوجہ ہوتے ہیں؛ وہ بھی ان کی چال، عادت اور رویے سے ان کی کیفیت بھانپ لیتا ہے۔ یہ مبانوسیت کسی ایک دن میں پیدا نہیں ہوتی، بلکہ مسلسل رفاقت اور دیکھ بھال کا حاصل ہوتی ہے۔ اسی لیے چرواہے کی ذمہ داری صرف ریوڑ کو چراگاہ تک لے جانا نہیں، بلکہ اسے محفوظ رکھنا اور شام کو بحفاظت واپس لانا بھی ہے۔ اس کی زندگی میں جسمانی سرگرمی بہت ہے۔ طویل فاصلے پیدل طے کرنا، بدلتے موسموں میں کھلے ماحول میں رہنا اور جانوروں کے ساتھ مسلسل متحرک رہنا اس کے معمولات کا حصہ ہے۔ تاہم اس مشقت کو بیماریوں سے مکمل تحفظ سمجھنا درست نہیں؛ محنت کا انحصار خوراک، آرام، عمر اور طبی سہولتوں پر بھی ہوتا ہے۔ چرواہے کی محنت کی تعریف کرتے ہوئے اس کی جسمانی آسودگی اور صحت کی ضرورتوں کو نظر انداز نہیں کرنا چاہیے۔ عصر کی اذان گاؤں کی فضا میں گونجتی ہے تو واپسی کا وقت آ پہنچتا ہے۔ چرواہا ریوڑ کو سمیٹتا اور اسی مانوس راستے پر گاؤں کی طرف چل پڑتا ہے۔ ڈھلتے سورج کی روشنی، جانوروں کے قدموں کی دھمک اور گلے میں بندھی گھنٹیوں کی مدھم آواز شام کے منظر کو ایک خاص تاثیر بخشتی ہے۔ مگر گھر پہنچ کر بھی اس کا کام ختم نہیں ہوتا۔ جانوروں کو ان کے مقررہ ٹھکانوں پر باندھنا، چارے اور پانی کا انتظام کرنا، باڑے کی دیکھ بھال اور دودھ دینے والے مویشیوں کو دوہنا اس کے معمولات میں شامل ہیں۔ دودھ دوہنے کا کام صبح و شام جاری رہتا ہے؛ یوں اس کی زندگی کا دائرہ روزانہ طلوعِ آفتاب سے شروع ہو کر رات کے معمولات تک پھیلا رہتا ہے۔ دیہی زندگی سے میری وابستگی نے مجھے یہ سمجھایا ہے کہ دودھ کا ایک برتن، مکھن کی ایک پیالی یا دیسی گھی کی تھوڑی سی مقدار ہمارے دسترخوان تک پہنچنے سے پہلے کتنی محنت سے گزرتی ہے۔ جانوروں کی پرورش، ان کے چارے کا انتظام، بیماری کی صورت میں علاج اور روزانہ دودھ دوہنا ایک مسلسل ذمہ داری ہے۔ گوشت اور دودھ سے حاصل ہونے والی غذاؤں کی فراہمی میں چرواہے اور مویشی پالنے والوں کا حصہ بنیادی اہمیت رکھتا ہے، مگر اکثر ہم ان اشیا کو خریدتے ہوئے ان ہاتھوں کو یاد نہیں کرتے جن کی محنت سے یہ ممکن ہوتی ہیں۔ چرواہا خاموشی سے اپنا فرض ادا کرتا ہے، لیکن اس کی محنت کا اثر گھروں اور دسترخوان تک پہنچتا ہے۔ اس کی زندگی میں سادگی نمایاں ہے۔ وہ عموماً اپنے وسائل کے مطابع زندگی گزارتا ہے اور دکھاوے کے بجائے کام کو اہمیت دیتا ہے۔ دیہی معاشرے میں ایسے لوگ بھی ملتے ہیں جنہوں نے رسمی تعلیم کم حاصل کی ہوتی ہے، مگر خلوص، مہمان نوازی اور دوسروں کے کام آنے کا جذبہ ان کے کردار میں نمایاں ہوتا ہے۔ کسی ضرورت مند کی مدد کرنا یا پڑوسی کا ہاتھ بٹانا ان کے لیے محض احسان نہیں، انسانی تعلق کا فطری تقاضا ہوتا ہے۔ ایسے مشاہدات مجھے یہ سوچنے پر مجبور کرتے ہیں کہ انسان کی قدر صرف اس کی دولت یا سند سے نہیں، اس کے کردار اور عمل سے بھی پہچانی جانی چاہیے۔ البتہ چرواہے کی سادگی کو اس کی مشکلات چھپانے کے لیے استعمال نہیں کرنا چاہیے۔ موسم کی سختیاں، جانوروں کی بیماریوں کا خطرہ، آندھی میں غیر یقینی اور صحت و تعلیم کی سہولتوں تک محدود رسائی اس کی زندگی کے حقیقی مسائل ہیں۔ اس کی محنت کا اعتراف صرف تعریف کے چند جملوں سے مکمل نہیں ہوتا؛ اس کے لیے مناسب معاوضہ، بہتر سہولتیں اور معاشی تحفظ بھی ضروری ہیں۔ میرے لیے چرواہا دیہی زندگی کا ایک مانوس چہرہ ہونے کے ساتھ ساتھ ایک ایسی محنت کی علامت ہے جس پر ہماری روزمرہ ضروریات کا ایک حصہ قائم ہے۔ اس کی زندگی میں ذرا سی توجہ، منصوبہ بندی اور سہولت اس کی مشقت کو کسی حد تک کم کر سکتی ہے۔ ہمیں ایسے کرداروں کو محض ماضی کی یاد نہیں بلکہ اپنے حال کا حصہ سمجھنا چاہیے، کیونکہ ان کے بغیر ہمارے گاؤں کے راستوں پر اداسی آتے جاتے دیکھ کر احساس ہوتا ہے کہ معاشرے کا نظام صرف بڑے عہدوں یا نمایاں کامیابیوں سے نہیں چلتا، بلکہ ان گمنام محنت کشوں سے بھی قائم رہتا ہے جن کی خدمات اکثر نگاہوں سے اوجھل رہ

بقیہ 1

یوں کو انصاف حاصل ہو، شدید مصائب کے باوجود اہل غزہ کی ثابت قدمی انسانی وقار اور امید کی غیر معمولی مثال ہے، قانونی بائیکاٹ، انسانی امداد اور سفارتی حمایت کے ذریعے فلسطینیوں کا مستقل ساتھ دیا جائے، فلسطینی تعلیمی، طبی اور امدادی اداروں کی مدد بلاتعطل جاری رکھی جائے۔ امیر جماعت اسلامی نے مزید کہا کہ مصنوعی ذہانت، سائبر سکیورٹی، ڈیجیٹل میڈیا اور قابل تجدید توانائی میں مہارت حاصل کی جائے، پاکستان اور ترکیہ کے نوجوان تعلیم، تجارت، ٹیکنالوجی اور امدادی سرگرمیوں میں عملی تعاون بڑھائیں۔ استقبالیہ سے ترک پارلیمنٹیرینز، حکمران اک پارٹی کے رہنماؤں اور انسان وقف کے سربراہان نے بھی خطاب کیا۔

بقیہ 2

دارے موقع پر پہنچے فائر بریگیڈ و ریسکیو سمیت امدادی اداروں کو تنگ آبادہ علاقہ و تنگ گلیوں کے باعث امدادی کارروائیوں میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑا تاہم ریسکیو 81122 گاڑیوں و عملے کی مسلسل محنت سے آگ کو مزید پھیلنے سے روک کر قابو پا لیا گیا۔ ایس ایچ او تھی راجہ طاہر نے کہا کہ آگ پر قابو پانے کے بعد کولنگ کا عمل بھی مکمل کر لیا گیا آگ عمارت کے بالائی منزل میں رکھی فریزر میں شارٹ سرکٹ کے باعث لگی آگ سے کسی قسم کا جانی نقصان نہیں ہوا

بقیہ 3

ملز کے 5 ملزمان گرفتار کر کے 7 مسروقہ موٹر سائیکل، 3 بکریاں اور رقم برآمد کرلی

بقیہ 4

گیا۔ وارث خان پولیس نے کالر کے خلاف مقدمہ درج کر کے گرفتار کر لیا۔ ایس پی راول ٹاؤن بیدار بخت گوندل کا کہنا تھا کہ 15 ایمرجنسی کی صورت میں شہریوں کے لیے سہولت ہے جسکے غلط استعمال پر قانون کے مطابق کارروائی کی جائے گی

بقیہ 5

دین، محکمہ ماحولیات کی 4 گاڑیاں، ایمبولینس، پانی کی فراہمی کے لیے 8 واٹر ٹینکرز اور پاک بحریہ کی ایک گاڑی بھی فراہم کی گئی۔ تمام متعلقہ اداروں کی بروقت کارروائی، باہمی تعاون اور مسلسل فائر فائٹنگ آپریشن کے نتیجے میں یکم نومبر 2026 کی رات 1 بج کر 45 منٹ پر آگ پر مکمل طور پر قابو پا لیا گیا۔ سی ڈی اے کی ایمرجنسی اینڈ ڈیزاسٹر مینجمنٹ ٹیموں کی فوری اور موثر کارروائی کے باعث مزید نقصان سے بچاؤ ممکن ہوا، جبکہ ملحقہ عمارتوں اور دکانوں کو بھی آگ سے محفوظ رکھا گیا۔ اس واقعے میں کسی قسم کا جانی نقصان نہیں ہوا۔ شہریوں نے سی ڈی اے کی جانب سے بروقت، پیشہ ورانہ اور موثر ہنگامی اقدامات کو سراہتے ہوئے فائر فائٹنگ ٹیموں کی فوری کارروائی اور انتھک کوششوں کی تعریف کی، جن کی بدولت آگ پر قابو پاتے اور قیمتی انسانی جانوں کے تحفظ کو یقینی بنانے میں کامیابی حاصل ہوئی۔ اس موقع پر چیئرمین سی ڈی اے کیپٹن اشرف نے کہا کہ سی ڈی اے شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کے لیے ایک موثر ایمرجنسی رسپانس نظام اور تمام متعلقہ اداروں کے درمیان بہترین رابطہ کاری کو یقینی بنانے کے لیے پُرعزم ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ سی ڈی اے ہنگامی حالات اور قدرتی آفات سے نمٹنے کے لیے اپنی تیاریوں اور فوری ردعمل کی صلاحیتوں کو مزید بہتر بنائے گا تاکہ بروقت اور موثر اقدامات کے ذریعے اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے قیمتی انسانی جانوں کو محفوظ بنایا جا سکے۔

بقیہ 6

ت کر رہی ہے، شہریوں کی جان و مال کا تحفظ پولیس کی اولین ترجیح ہے، راولپنڈی پولیس جرائم کی روک تھام اور شہریوں کے تحفظ کے لیے ہمہ وقت مصروف عمل ہے

بقیہ 7

ورانہ سرگرمیوں اور آمدن کے حصول کے لیے استعمال کرنے کے قابل بنانا تھا۔ افتتاحی سیشن سے خطاب کرتے ہوئے یونس ایمرے انسٹی ٹیوٹ کے کنٹری ڈائریکٹر ایرین سیگلو سونے کہا کہ روایتی فنون کسی بھی قوم کے ثقافتی ورثے اور تخلیقی شناخت کا اہم حصہ ہوتے ہیں۔ ایسے تربیتی پروگرام مختلف ثقافتوں کے درمیان تعلقات مضبوط بنانے اور شرکا کو نئی مہارتیں سیکھنے کے مواقع فراہم کرتے ہیں۔ انہوں نے خواتین کی عملی تربیت اور فنون کے فروغ کے لیے ایسے اقدامات کی اہمیت پر بھی زور دیا۔ ڈائریکٹوریٹ آف انٹرنیشنل کولیبریشن اینڈ ایکسچینج کے ڈائریکٹر، ڈاکٹر زاہد جمید نے کہا کہ وائس چانسلر، پروفیسر ڈاکٹر ناصر محمود کے وژن کے مطابق یونیورسٹی طلبہ و طالبات کو عملی مہارتوں سے آراستہ کر کے مقامی اور بین الاقوامی سطح پر نئے مواقع کے لیے تیار کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایسے پروگرام خواتین کو خود کفیل، اپنی صلاحیتیں بروئے کار لانے اور معاشی خودمختاری کی جانب بڑھنے میں مدد دیتے ہیں۔ ترکیہ کے ابرو آرٹسٹ، دوغان چاگان نے شرکا کو ابرو آرٹ کی مختلف تکنیکوں کی عملی تربیت دی اور اس فن کو تخلیقی صلاحیتوں کے اظہار اور معاشی مواقع کے حصول کا ذریعہ بنانے پر روشنی ڈالی

بقیہ 8

جنسی ایمرجنسیز، جبکہ (236) دیگر ایمرجنسیز کے واقعات شامل تھے۔ پیشنٹ ٹرانسفر سروس کے مطابق (223) انتہائی تشویشناک مریضوں کو بحفاظت راولپنڈی اور اسلام آباد کے ہسپتالوں میں منتقل کیا گیا۔

بقیہ 9

۔ پیٹرولیم لیوی میں ردوبدل کا فائدہ صرف پیٹرول صارفین کو منتقل کیا جائے گا، پیٹرولیم لیوی میں حاصل ہونے والا فائدہ پیٹرول کی قیمت میں کمی کی صورت میں صارفین کو ملے گا۔ پیٹرولیم ڈویژن نے تمام آئل ریفائنریز کو باضابطہ خطوط ارسال کر دیے۔ ریفائنریز کو پیٹرول کی روزانہ فروخت کی تفصیلات پیٹرولیم ڈویژن اور اوگرا کو فراہم کرنے کی ہدایت کر دی گئی۔ ذرائع کے مطابق روزانہ فروخت کی رپورٹس کے ساتھ ہی پی آرز اور چالان بھی جمع کروانا ہوں گے، اوگرا اور پیٹرولیم ڈویژن اضافی لیوی کی ادائیگیوں اور حسابات کی تصدیق کریں گے۔ نئے طریقہ کار کا اطلاق آئندہ 30 روز کے لیے ہوگا۔ نومبر میں پاکستان آنے والے پیٹرول کارگوز پر درآمدی پریمیم 28 سے 35 ڈالر فی بیرل تک پہنچنے کا امکان ہے جبکہ اس وقت پیٹرول کی قیمتوں میں 88.19 ڈالر فی بیرل پریمیم شامل ہے۔ مقامی ریفائنریز کے لیے پریمیم اضافی اخراجات اور کسٹمز ڈیوٹی 7 مارچ 2026 کی جنگ سے قبل کی سطح پر برقرار بھی جائے گی۔

بقیہ 10

کے مطابق عمل کیا جا رہا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ وفاقی وزیر داخلہ سید محسن رضا نقوی کے وژن اور ان کے شروع کردہ XX محسن اسپیڈ XX اقدام کے تحت ترقیاتی منصوبوں کو تیز رفتاری سے مکمل کرنے اور اسلام آباد کے مجموعی انفراسٹرکچر کو بہتر بنانے کے لیے اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ واضح رہے کہ کشمیر چوک انڈر پاس منصوبے کا افتتاح وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کیا تھا، جبکہ وفاقی وزیر داخلہ سید محسن رضا نقوی نے اس منصوبے کو 30 روز کے اندر مکمل کرنے کے عزم کا اظہار کیا تھا۔ وفاقی وزیر داخلہ کے وژن کے مطابق اور چیئرمین سی ڈی اے کیپٹن اشرف کی قیادت اور براہ راست نگرانی میں اس منصوبے پر تیزی سے کام جاری ہے تاکہ مقررہ مدت میں تکمیل کے عزم کو پورا کیا جا سکے۔ دورے کے دوران چیئرمین سی ڈی اے کیپٹن اشرف نے متعلقہ افسران، انجینئرز اور تعمیراتی ٹیموں کو ہدایت کی کہ کام کی موجودہ رفتار برقرار رکھی جائے، دستیاب وسائل کا موثر استعمال یقینی بنایا جائے اور باقی ماندہ کام مقررہ 30 روزہ مدت کے اندر مکمل کیا جائے۔ انہوں نے تعمیراتی معیار، حفاظتی انتظامات اور کام کی بروقت تکمیل کو یقینی بنانے پر بھی زور دیا۔ شہریوں کی جانب سے سی ڈی اے کی تیز رفتار ترقیاتی کاوشوں اور کشمیر چوک انڈر پاس منصوبے پر ہونے والی نمایاں پیش رفت کو بھرپور سراہا گیا ہے۔ شہریوں نے تعمیراتی سرگرمیوں کی رفتار پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے عوامی سہولت اور آسانی کے لیے اہم ترقیاتی منصوبوں کو کم سے کم وقت میں مکمل کرنے کے عزم کو بھی قابل تحسین قرار دیا۔ کشمیر چوک انڈر پاس سی ڈی اے کا ایک اہم بنیادی ڈھانچے کا منصوبہ ہے، جس کا مقصد ٹریفک کی روانی کو بہتر بنانا، ٹریفک کے دباؤ اور رش میں کمی لانا اور شہریوں کو آمد و رفت کی بہتر اور ہموار سہولیات فراہم کرنا ہے۔ منصوبے کی تکمیل سے روزانہ سفر کرنے والے شہریوں کو نمایاں سہولت میسر آئے گی اور اسلام آباد کے سڑکوں کے نظام کو مزید موثر بنانے میں مدد ملے گی۔ شدید بارش کے باعث دو روز تک کام معطل رہنے کے باوجود صرف 22 روز میں منصوبے کا 85 فیصد کام مکمل کر لیا گیا ہے۔ سی ڈی اے کشمیر چوک انڈر پاس منصوبے کو اعلان کردہ 30 روزہ مدت کے اندر مکمل کرنے کے لیے پُرعزم ہے۔ چیئرمین سی ڈی اے کیپٹن اشرف نے کہا کہ سی ڈی اے اسلام آباد کو ایک مزید ترقی یافتہ، خوبصورت، صاف ستھرا، سرسبز، ماحولیاتی طور پر پائیدار اور سیاحت دوست جدید دارالحکومت بنانے کے لیے پُرعزم ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ اتھارٹی شہر کے انفراسٹرکچر کی بہتری، شہری سہولیات میں اضافے اور عوام کو بہتر سہولیات کی فراہمی کے لیے ترقیاتی اقدامات کا سلسلہ جاری رکھے گی۔

بقیہ 11

اور ناجائز اسلحہ رکھنے والے افراد کے خلاف کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔

بقیہ 12

خاتمے کی کوششوں کے لیے فیصلہ کن سال ثابت ہو سکتا ہے۔ اس مقصد کے لیے آئندہ سال جون تک بھی بڑے پیمانے پر انسداد پولیو مہمات منعقد کرنے کی منصوبہ بندی کی جا رہی ہے تاکہ بچوں میں قوت مدافعت برقرار رکھتے، ویکسین سے محروم بچوں تک رسائی اور وائرس کے پھیلاؤ کو روکنے کے اقدامات کو مزید موثر بنایا جا سکے۔ پنجاب ایمرجنسی آپریشنز سنٹر کے کوآرڈینیٹر خالد پرویز کے مطابق نومبر کی انسداد پولیو مہم لاہور میں سات روز جبکہ پنجاب کے دیگر 12 اضلاع میں چار روز جاری رہے گی۔ مہم کے دوران 77 ہزار سے زائد فرنٹ لائن ورکرز گھر گھر جا کر پانچ سال سے کم عمر بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائیں گے۔ مہم کے دوران لاہور میں 22 لاکھ 85 ہزار سے زائد بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے، جبکہ ملتان میں 10 لاکھ سے زائد اور رحیم یار خان میں 11 لاکھ 42 ہزار سے زائد بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے جائیں گے۔ پنجاب ایمرجنسی آپریشنز سنٹر کے کوآرڈینیٹر خالد پرویز نے والدین پر زور دیا کہ وہ ہر انسداد پولیو مہم کے دوران اپنے پانچ سال سے کم عمر بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے لازمی پلوائیں، خواہ انہیں گزشتہ مہمات میں بھی ویکسین دی جا چکی ہو۔ انہوں نے کہا کہ پولیو ایک لاعلاج مرض ہے جو بچوں کو عمر بھر کی معذوری کا شکار بنا سکتا ہے، تاہم بروقت ویکسینیشن کے ذریعے بچوں کو اس موذی مرض سے محفوظ رکھا جا سکتا ہے۔ انہوں نے والدین سے اپیل کی کہ وہ پولیو ٹیموں کے ساتھ بھرپور تعاون کریں اور ٹیموں کی گھر آمد پر اپنے بچوں کو ویکسین پلانے کے لیے دستیاب رکھیں۔ خالد پرویز نے کہا کہ ابتدائی گھر گھر مہم کے دوران رہ جانے والے بچوں تک رسائی کے لیے فالو اپ سرگرمیاں بھی جاری رکھی جائیں گی تاکہ کوئی بھی بچہ پولیو سے بچاؤ کے قطرے پینے سے محروم نہ رہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ تمام ہدف شدہ اضلاع میں ہر بچے تک پولیو ویکسین کی رسائی یقینی بنانا اولین ترجیح ہے۔ خالد پرویز نے کیا کہ مقامی رہنماؤں، علمائے کرام اور کمیونٹی کے بااثر افراد پر بھی زور دیا کہ وہ والدین کو پولیو ویکسین کی اہمیت سے آگاہ کرنے اور بچوں کو ہر مہم کے دوران ویکسین پلانے کی ترغیب دینے میں اپنا کردار ادا کریں۔ انہوں نے کہا کہ ہر بچے کو پولیو سے محفوظ بنانا ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ والدین کا تعاون، کمیونٹی کی شمولیت اور فرنٹ لائن ورکرز کی انتھک محنت ہی ہر بچے تک پولیو ویکسین کی رسائی یقینی بنانے میں کلیدی کردار ادا کر سکتی ہے۔ پنجاب ایمرجنسی آپریشنز سنٹر کی جانب سے مہم کی موثر نگرانی، فیلڈ سطح پر رابطہ کاری اور تمام دستیاب وسائل کو بروئے کار لانے کے لیے اقدامات کیے جا رہے ہیں تاکہ ہر بچے کو پولیو سے محفوظ بنایا جا سکے۔

بقیہ 13

پی و ملی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی اور جامعۃ الغزالی اسلامی تعلیم و تحقیق کے فروغ اور وحدت مسلمہ کے اتحاد کے لیے مشترکہ کردار ادا کر سکتی ہیں۔ ملاقات میں جامعۃ الغزالی کے چانسلر کے مشیر ڈاکٹر ولی خان المظفر، بورڈ آف گورنرز کے رکن انجینئر مفتی عثمان یوسف، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی کے نائب صدر (اکیڈمکس) پروفیسر ڈاکٹر ندیم احمد شیخ اور صدر جامعہ کے مشیر ڈاکٹر صالح سلیمان اے الفضلی بھی موجود تھے۔

بقیہ 14

آئی ڈبلیو ایم آئی) نے پاکستان کونسل آف ریسرچ ان واٹر ریسورسز (پی سی آر ڈبلیو آر) اور وزارت آبی وسائل کے اشتراک سے کیا ہے۔ کانفرنس میں پالیسی ساز، اراکین پارلیمنٹ، محققین، ترقیاتی شراکت دار، نوجوان رہنما، سول سوسائٹی کے نمائندے اور میڈیا پروفیشنلز شرکت کریں گے۔ کانفرنس میں ذاتی اور آن لائن شرکت کی سہولت بھی دستیاب ہوگی۔ کانفرنس کے دوران دو متوازی موضوعاتی ٹریک پیش کیے جائیں گے جن میں سے ہر ایک 13 سیشنز پر مشتمل ہے جس میں موثر پالیسی کے نفاذ کے ذریعے پانی، زراعت اور خوراک کے نظام کو مضبوط بنانے اور موسمیاتی لچک کے لیے جامع اقدامات کو بڑھانے پر توجہ دی جائے گی۔ زیر بحث آنے والے کلیدی موضوعات میں زیر زمین پانی کا انتظام، آبپاشی کی اصلاحات، خشک سالی اور صحت، موسمیاتی فنانسنگ، COP31 کے لیے پاکستان کی تیاریاں، آبی توانائی-خوراک-ماحول کا گٹھ جوڑ، مصنوعی ذہانت، ڈیجیٹل سہولیات سے استفادہ، بالائی علاقوں کے خطرات اور انڈس بیسن میں خواتین کی قیادت اور پانی کی حفاظت شامل ہیں۔

بقیہ 15

ساتھ موجودہ نظام میں بھی طلب اور رسد کا فرق بڑھتا جا رہا ہے۔ سرد موسم کے آغاز کے ساتھ گیس کی کھپت میں کئی گنا اضافہ ہو گیا ہے، جس کے باعث پہلے سے موجود صارفین کو بھی فراہمی میں مشکلات کا سامنا ہے۔ ایسے حالات میں نئے گھریلو کنکشنز کی بحالی کا معاملہ مزید غیر یقینی ہو گیا ہے۔ دوسری جانب سوئی گیس حکام کا موقف ہے کہ نئے کنکشنز پر پابندی کا فیصلہ وزارت پیٹرولیم کی جانب سے کیا گیا ہے۔ حکام کے مطابق ایران اور امریکا کے درمیان کشیدگی کے خاتمے کے بعد ہی گیس کنکشنز کی فراہمی دوبارہ شروع ہونے کا امکان ہے۔ دوسری جانب مائع پیٹرولیم گیس (ایل پی جی) ایسوسی ایشن نے 16 نومبر سے ملک گیر ہڑتال کا اعلان کر دیا۔ ایل پی جی مارکیٹرز ایسوسی ایشن کے سینئر وائس چیئرمین علی حیدر نے حکومت کی جانب سے قیمتوں کے تعین کے نئے فارمولے کو مسترد کرتے ہوئے کہا کہ 16 نومبر سے ایل پی جی کی فروخت بند کر دی جائے گی۔ ان کا کہنا تھا کہ تمام ایسوسی ایشنز کے ہنگامی اجلاس میں حکومتی فارمولے کے خلاف فیصلہ کیا گیا ہے۔ علی حیدر نے کہا کہ حکومت کے نئے پرائسنگ فارمولے سے ایل پی جی کی قیمتوں میں 25 سے 30 فیصد تک اضافہ ہو سکتا ہے۔ دوسری جانب گزشتہ روز نومبر کیلئے ایل پی جی 14 روپے 73 پیسے فی کلو مہنگی کر دی گئی جس کا اوگرا نے نوٹیفکیشن بھی جاری کر دیا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق ایل پی جی کی نئی فی کلو گرام قیمت 294 روپے مقرر کی گئی ہے، جس کا اطلاق یکم نومبر سے ہو گیا ہے۔ اوگرا کے نوٹیفکیشن کے مطابق ایل پی جی کا گھریلو سلنڈر 173 روپے 86 پیسے مہنگا ہو گیا، 11.8 کلوگرام کے گھریلو سلنڈر کی نئی قیمت 3470 روپے 9 پیسے مقرر کر دی گئی۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ مارکیٹ میں ایل پی جی اوگرا کی مقرر کردہ قیمت سے دگنی میں فروخت ہو رہی ہے۔

بقیہ 16

حل کرنے کی صلاحیت رکھتی ہے۔ امیر جماعت اسلامی سندھ نے مزید کہا کہ کرپٹ اور مفاد پرست قیادت پاکستان کی سیاست کو بند گلی کی طرف لے جا رہی ہے۔ ملکی اور بین الاقوامی مسائل مذاکرات اور موثر حکمت عملی کے ذریعے حل کیے جا سکتے ہیں، کیونکہ طاقت ہر مسئلے کا حل نہیں ہوتی۔ انہوں نے وزیر اعلیٰ سندھ مراد علی شاہ کے اس دعوے کو خوش آئند قرار دیا کہ صوبے کے 31 شہروں کے ماسٹر پلان پر کام کیا جا رہا ہے، تاہم ان کا کہنا تھا کہ 18 سال سے سندھ میں اقتدار میں رہنے والی پیپلز پارٹی صوبے میں ایک ماڈل یونین کونسل بھی قائم نہیں کر سکی۔ ان کے مطابق سندھ کے شہر اور سڑکیں تباہ حالی کا شکار ہیں اور عملی طور پر موئن جو دڑو کا منظر پیش کر رہے ہیں۔ کاشف سعید شیخ نے کہا کہ پیٹرولیم مصنوعات پر عائد لیوی اور بھتہ ٹیکس کے خاتمے تک جماعت اسلامی اپنی جدوجہد جاری رکھے گی، کیونکہ یہ براہ راست عوام سے متعلق مسئلہ ہے۔ انہوں نے کارکنان پر زور دیا کہ وہ آئندہ جدوجہد کے لیے تیار رہیں۔ تقریب سے جماعت اسلامی کے نو منتخب ضلعی امیر حافظ یعقوب منصوری اور سابق ضلعی امیر ایڈووکیٹ نادر علی کھوسو نے بھی خطاب کیا

بقیہ 17

بھر کے طلبا کے لیے ڈرائیونگ لائسنس کے حصول کے عمل کو آسان اور سہولت بخش بنانا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ کالج اور یونیورسٹی کے اہل طلبا 42 روزہ لرنر مدت کی اس رعایت سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں اور ضروری تقاضے پورے کرنے کے بعد موقع پر ہی اپنا موٹر سائیکل ڈرائیونگ لائسنس حاصل کر سکتے ہیں۔ سی ٹی او کاشف نے شہریوں کو آگاہ کیا کہ اب وہ ٹریفک پولیس دفاتر کے بار بار چکر لگانے کے بجائے نئی ٹی سی ایس کوریئر سروس کے ذریعے اپنے ڈرائیونگ لائسنس گھر بیٹھے (اپنی دہلیز پر) وصول کر سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہوم ڈیلیوری کی یہ سہولت شہریوں کا وقت بچائے گی اور لائسنسنگ کے عمل کو مزید آسان بنائے گی۔ کاشف اصغر خان نے طلبا پر زور دیا کہ نومبر کے دوران اس خصوصی سہولت سے فائدہ اٹھائیں۔ انہوں نے شہریوں کی حوصلہ افزائی کی کہ وہ موٹر سائیکل یا کوئی بھی گاڑی چلانے سے پہلے اپنا درست ڈرائیونگ لائسنس ضرور حاصل کریں۔

بقیہ 18

خود انحصاری میں اضافہ کرنا ہماری خدمت ہے، ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز یہاں پاکستان تحریک شاد باد کے زیر اہتمام آئندہ متوقع بلدیاتی انتخابات کے حوالے سے منعقدہ ایک اہم اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا، اجلاس میں پاکستان تحریک شاد باد کے سینئر اراکین عبدالحبیب، ملک ممتاز، ملک امتیاز، ریاض حسین، اکبر مغل اور دیگر نے بھی خطاب کرتے ہوئے پاکستان تحریک شاد باد کی خدمات خاص طور پر عوامی بھلائی اور عوام میں شعور اجاگر کرنے کی پالیسیوں کو قابل تعریف قرار دیا اس موقع پر بہت سے بلدیاتی امیدواروں نے بھی اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ چیئرمین پاکستان تحریک شاد باد ڈاکٹر محمد حنیف مغل نے اس بات کا اعادہ کیا کہ اب عوام کا راج ہوگا۔ ہم عوام کے ساتھ ہیں۔ اور ہم بلدیاتی انتخابات میں سرپرائز دیں گے۔ اس وقت لوگ مہنگائی اور لاقانونیت جیسے مسائل سے دوچار ہیں اور وہ حقیقی تبدیلی چاہتے ہیں۔ اور وہ تبدیلی نعروں سے نہیں عمل سے ہوگی۔ اور ہم وعدے نہیں عمل کرتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ لوگ روزانہ کی بنیاد پر ہماری پارٹی کا حصہ بن رہے ہیں اور ہماری پارٹی میں شامل ہو رہے ہیں۔

بقیہ 19

کر رہی ہے لیکن اس کے باوجود میاں نواز شریف کی راہنمائی اور وزیراعظم پاکستان میاں شہباز شریف کی قیادت میں حکومت بہتر اقدامات کے لیے دن رات کوشاں ہے پشاور میں سکول کی چھت گرنے سے جاں بحق ہونے والے بچوں کے لواحقین کے غم میں برابر کے شریک ہیں، پاکستان مشکل حالات سے گزر رہا ہے لیکن عوام کی بھلائی کے لیے اور ملکی معیشت کی بہتری اور سلامتی کے لیے حکومت بہترین انداز میں منصوبہ سازی کر رہی ہے جس کے نتائج جلد عوام کو ملنا شروع ہوں گے ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز یہاں منعقدہ ایک تقریب کے دوران خطاب کرتے ہوئے کیا۔ ڈاکٹر نیلسن عظیم نے مزید کہا کہ ہماری کوشش ہے کہ ملک میں صحت اور تعلیم کے معیار کو مزید بہتر کیا جائے اور عوام کو بہترین طبی سہولیات فراہم کرنے کے ساتھ روزگار کے مواقع فراہم کرنے کے لیے بھی تمام تر ذرائع کو بروئے کار لایا جائے۔

بقیہ 20

حکش کر رہا ہے۔ مارکو روبیو نے کہا کہ یوکرین کے دارالحکومت کیف کو ہر رات توانائی کے بنیادی ڈھانچے پر تباہ کن حملوں کا سامنا ہے جب کہ ملک میں شہریوں کی ہلاکتوں میں بھی مسلسل اضافہ ہو رہا ہے۔ روس میں بھی ہر ماہ 20 ہزار افراد مارے جا رہے ہیں۔ انہوں نے جنگ کی شدت اور تباہ کاریوں پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ یہ انتہائی ہلاکت خیز اور تباہ کن جنگ ہے، جنگ کا ہر گزرتا مہینہ مزید تباہی اور ہلاکتوں کا سبب بن رہا ہے۔ دوسری جانب امریکی وزیر خارجہ کا مزید کہنا تھا کہ امریکا کی کوشش ہے کہ اس تباہ کن جنگ کو روکا جائے اور امن کے لیے کوئی قابل عمل راستہ تلاش کیا جائے۔

بقیہ 21

جنگ بندی کرانے کے بعد پاکستان اور قطر مسلسل متحرک رہے ہیں۔ واضح رہے کہ جون میں طے پانے والی 14 نکاتی اسلام آباد مفاہمتی یادداشت (MoU) کے تحت امریکہ کو بحری ناکہ بندی ختم اور اثاثے بحال کرنے تھے، تاہم اگست میں ڈیڈ لائن گزرنے کے بعد عملدرآمد تعطل کا شکار ہو گیا تھا۔ اس کے علاوہ پاکستان، سعودی عرب اور ترکی کے درمیان مکہ جوائنٹ ڈیفنس ایگریمنٹ کے تحت سکیورٹی تعاون میں اضافہ ہوا ہے جس کا تہران نے ملا جلا ردعمل دیا ہے۔ ایرانی وزیر خارجہ نے کہا کہ اگرچہ سفارت کاری کو موقع دیا جا رہا ہے، تاہم ایران نے اپنے ہتھیار اپ گریڈ کر لیے ہیں۔ سپریم لیڈر آیت اللہ مجتبیٰ خامنہ ای کی ہدایت پر ایرانی مسلح افواج کو ہر قسم کے ممکنہ امریکی یا اسرائیلی حملے کا منہ توڑ جواب دینے کے لیے اعلیٰ ترین جنگی الرٹ پر رکھ دیا گیا ہے۔ دوسری جانب مبصرین کا کہنا ہے کہ امریکی وسط مدتی انتخابات کے بعد خطے میں کشیدگی دوبارہ بڑھنے کا خدشہ ہے، جسے ٹالنے کے لیے پاک قطری سفارت کار سرگرم عمل ہیں

بقیہ 22

دارے موقع پر پہنچے فائر بریگیڈ و ریسکیو سمیت امدادی اداروں کو تنگ آبادہ علاقہ و تنگ گلیوں کے باعث امدادی کارروائیوں میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑا تاہم ریسکیو 81122 گاڑیوں و عملے کی مسلسل محنت سے آگ کو مزید پھیلنے سے روک کر قابو پا لیا گیا۔ ایس ایچ او تھی راجہ طاہر نے کہا کہ آگ پر قابو پانے کے بعد کولنگ کا عمل بھی مکمل کر لیا گیا آگ عمارت کے بالائی منزل میں رکھی فریزر میں شارٹ سرکٹ کے باعث لگی آگ سے کسی قسم کا جانی نقصان نہیں ہوا۔

بقیہ 23

تھانہ منتقل کر دیا گیا۔ پولیس نے ملزم کے خلاف مقدمہ درج کر لیا گیا ہے۔

بقیہ 24

اور تحریک آزادی کشمیر کے ساتھ ان کا تاریخی، جغرافیائی اور نظریاتی تعلق نہایت اہمیت کا حامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ گلگت بلتستان کے عوام نے ہمیشہ مسئلہ کشمیر کے منصفانہ اور پرامن حل، حق خودارادیت اور پاکستان کے ساتھ اپنی وابستگی کا بھرپور اظہار کیا ہے۔ آج کے دن ہمیں مقبوضہ جموں و کشمیر کے ان عوام کو بھی یاد رکھنا چاہیے جو بھارتی تسلط سے آزادی اور اپنے بنیادی حق خودارادیت کے حصول کے لیے مسلسل جدوجہد اور قربانیاں دے رہے ہیں۔ حریت قیادت نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ مقبوضہ جموں و کشمیر کی آزادی، کشمیری عوام کے حق خودارادیت اور ان کے روشن مستقبل کے لیے جدوجہد جاری رہے گی۔ حریت رہنماؤں سید اعجاز رحمانی، زاہد صفی، زاہد اشرف، شیخ یعقوب، شیخ عبدالمتین، محمد شفیع ڈار، مشتاق احمد بٹ اور دیگر نے بھی اپنے الگ الگ بیانات میں گلگت بلتستان کے عوام کو یوم آزادی پر مبارکباد پیش کی ہے۔

بقیہ 25

دیگر ممالک بھی کر چکے ہیں۔ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا کہ پاکستان افغان طالبان سے صرف یہ مطالبہ کرتا ہے کہ وہ پاکستان کے اندر دہشت گردوں کی حمایت بند کریں۔ افغان طالبان رجیم نے نور ولی محسود، شیر زیب اور گل بہادر جیسے دہشت گردوں کو پناہ دے رکھی ہے، پاکستان میں دہشت گردی کے لیے دہشت گردوں کی تشکیلیں افغانستان سے آتی ہیں اور انہیں وہیں سے اسلحہ فراہم کیا جاتا ہے۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے خبردار کیا کہ اگر افغان طالبان رجیم نے دہشت گردی کے حوالے سے پاکستان کے تحفظات اور مطالبات تسلیم نہ کیے تو اسے سنگین قیمت چکانا پڑے گی۔ ان کا کہنا تھا کہ افغان طالبان رجیم کی عالمی سطح پر کوئی ساکھ نہیں، بین الاقوامی برادری کو اسے ایک معمول کی ریاست کی طرح رویہ اختیار کرنے پر مجبور کرنا چاہیے۔ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے واضح کیا کہ انہوں نے عالمی برادری پر زور دیا کہ افغان طالبان کو منشیات کی کاشت اور پیداوار روکنے کے لیے بھی مجبور کیا جائے، پاکستان کی مسلح افواج افغانستان کی جانب سے پیدا ہونے والے تمام خطرات، بشمول ڈرون حملوں، کا موثر مقابلہ کرنے اور ان کا سدباب کرنے کی بھرپور صلاحیت رکھتی ہیں۔

بقیہ 26

گے۔ ترجمان نے کہا کہ افغان سرزمین سے سرگرم تحریک طالبان پاکستان (ٹی ٹی پی)، فتنہ الخوارج (ایف اے کے)، بلوچستان لبریشن آرمی (بی ایل اے)، فتنہ الہندوستان (ایف اے ایچ) اور دیگر دہشت گرد گروہوں کے خلاف قابل تصدیق کارروائی کرنا ہوگی۔ دوسری جانب دفتر خارجہ کے ترجمان کا کہنا تھا کہ پاکستان تعمیری رابطہ کے لیے بدستور تیار ہے، تاہم ان روابط کے نتیجے میں پاکستان کے جائز سکیورٹی خدشات دور کرنے کے لیے عملی اور ٹھوس پیش رفت ہونا ضروری ہے

بقیہ 27

دی کے لیے 78 لاکھ ڈالر کی ادائیگی کی ہے۔ بھارتی ریٹائرڈ کرنل بھی فتنہ الہندوستان اور فتنہ الخوارج کے ذریعے پاکستان میں دہشت گرد حملوں میں افغان سرزمین سمیت بھارتی اور اسرائیلی کردار کا اعتراف کر چکا ہے۔ امریکی خبر رساں ادارے کے مطابق انٹیلیجنس رپورٹ میں پاکستان میں دہشتگردی کیلئے افغان گورنر ملا شیرین کی میزبانی میں بھارت افغان انٹیلیجنس حکام کے اجلاس کا انکشاف ہو چکا ہے۔ اجلاس میں دہشتگرد تنظیم فتنہ الہندوستان، القاعدہ اور خارجی گل بہادر گروپ کے نمائندے شامل تھے۔ امریکی واچ ڈاگ سیگار کی رپورٹ کے مطابق افغانستان میں امریکا کی جانب سے چھوڑا گیا 7.1 ارب ڈالر کا اسلحہ افغان رجیم کی سرپرستی میں دہشتگرد تنظیمیں استعمال کر رہی ہیں۔ اقوام متحدہ سمیت عالمی جرائد بھی افغان طالبان رجیم کے فراہم کردہ امریکی ہتھیاروں کی دہشتگرد گروہوں تک رسائی کے سنگین پہلو کو بے نقاب کر چکے ہیں۔

بقیہ 28

نے بلوچستان کے نوجوانوں کیلئے روزگار کے منصوبے کا اعلان کر دیا ہے، بلوچستان کے 12 اضلاع سے منتخب کیے گئے 25 ہزار نوجوانوں کے لیے روزگار کے مواقع پیدا کیے جائیں گے چیئرمین نے کراچی کی صنعتی اور کاروباری برادری سے اپیل کی ہے کہ بلوچستان سے بے روزگاری کے خاتمے کیلئے معاشی سرگرمیوں کے فروغ اور پائیدار امن و خوشحالی کیلئے اپنا کردار ادا کریں جو کہ خوش آئند اقدام ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم یوتھ پروگرام نوجوانوں کو اعلیٰ تعلیم کی فراہمی کیلئے اسکالرشپ اور جدید تعلیمی آلات کی فراہمی، نوجوانوں کو اپنے کاروبار کیلئے یوتھ بزنس اینڈ ایگریکلچر لون اسکیم کے تحت آسان اقساط پر قرضوں کی فراہمی، کھیلوں کے مقابلے اور یوتھ پارلیمنٹ جیسے اقدامات اور شجرکاری اور ماحول دوست مہمات کیلئے کام کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی حکومت اور چیئرمین وزیراعظم یوتھ پروگرام رانا مشہود احمد خان کا واضح وژن ہے کہ آرٹیفیشل انٹیلیجنس (AI)، جدید ٹیکنالوجی اور فنی تعلیم کے ذریعے نوجوانوں بالخصوص خواتین کو معاشی طور پر خودمختار بنایا جائے جس سے نوجوانوں اور خواتین کو زیادہ سے زیادہ فائدہ اٹھانا چاہیئے۔ چوہدری نعیم کریم نے کہا کہ وزیراعظم یوتھ حب میں اب تک 89 لاکھ سے زائد نوجوان رجسٹرڈ ہو چکے ہیں اور رجسٹرڈ نوجوانوں کی تعداد میں روز بروز اضافہ ہو رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ رانا مشہود کی قیادت میں وزیراعظم یوتھ کرم کیپ اسکیم کے تحت طلبہ میں کرم بکس کی تقسیم کے منصوبے کو عملی جامہ پہنایا جا رہا ہے اور طلبہ میں کرم بکس کی تقسیم شروع کر دی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ رانا مشہود بلوچستان کے نوجوانوں کو اعلیٰ تعلیم کی فراہمی اور انہیں ہنرمند بنانے کیلئے خصوصی توجہ دے رہے ہیں جس کے جلد مثبت نتائج سامنے آنا شروع ہو جائیں گے

بقیہ 29

معاشی اصلاحات اور پائیدار ترقی کے لئے مالی وسائل کی فراہمی بھی ترجیحات میں شامل ہوگی۔ ان کا کہنا تھا کہ جی 24 کی کامیابی کا اصل پیمانہ ترقی پذیر ممالک کے عوام کی زندگیوں میں بہتری لانا ہے، پاکستان ترقی پذیر ممالک کی اجتماعی آواز کو عملی اقدامات میں تبدیل کرنے کے لئے اپنا کردار ادا کرے گا۔ صدر مملکت آصف علی زرداری نے پاکستان کی جانب سے بین الحکومتی گروپ 24 (جی 24) کی صدارت سنبھالنے کے اقدام کا گرمجوشی سے خیر مقدم کرتے ہوئے وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب اور ان کی ٹیم کو مبارکباد پیش کی ہے۔ صدر زرداری نے اپنے پیغام میں کہا کہ جی 24 کی صدارت کا ملنا عالمی اقتصادی امور اور بین الاقوامی مالیاتی فورمز پر ترقی پذیر ممالک کی موثر نمائندگی کے لیے پاکستان کے پاس ایک انتہائی اہم اور سنہری موقع ہے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ پاکستان اس پلیٹ فارم کو تمام ترقی پذیر معیشتوں کے مشترکہ مفادات کے تحفظ اور ان کی آواز کو عالمی سطح پر اجاگر کرنے کے لیے بہترین انداز میں استعمال کرے گا۔ صدر مملکت کا مزید کہنا تھا کہ یہ صدارت پاکستان کو عالمی سطح پر ترقیاتی فنانسنگ، موسمیاتی تبدیلیوں سے نمٹنے، اور عالمی مالیاتی اداروں کے ساتھ تعاون کے فروغ میں کلیدی اور فعال کردار ادا کرنے کے نئے مواقع فراہم کرے گی۔ وزیراعظم شہباز شریف کی پاکستان کو بین الحکومتی گروپ آف ٹوئنٹی فور (G-24) کی چیئرمین شپ ملنے پر اظہار مسرت کیا اور اسے عالمی اقتصادی منظرنامے پر پاکستان کے موثر کردار کے اعتراف کا اہم سفارتی سنگ میل قرار دیا۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے پاکستان کو بین الحکومتی گروپ آف ٹوئنٹی فور (G-24) کی چیئرمین شپ ملنے پر دلی مسرت کا اظہار کرتے ہوئے اسے ایک اہم سفارتی سنگ میل قرار دیا ہے، جو عالمی اقتصادی امور میں پاکستان کے موثر کردار اور آواز کو مزید تقویت دے گا۔ وزیراعظم نے وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب اور وزارت خزانہ کی پوری ٹیم کی انتھک محنت، موثر سفارت کاری اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو سراہتے ہوئے انہیں خراج تحسین پیش کیا۔ وزیراعظم نے عالمی بینک اور بین الاقوامی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) کے سالانہ اجلاسوں کے دوران پاکستان کے موثر کردار اور ترقی پذیر ممالک کی اقتصادی قیادت میں پاکستان کو نمایاں مقام دلانے کے لیے وزیر خزانہ اور ان کی ٹیم کی کاوشوں کو قابل ستائش قرار دیا۔ وزیراعظم نے کہا کہ G-24 کی چیئرمین شپ پاکستان کو عالمی مالیاتی نظام میں ضروری اصلاحات، موسمیاتی تبدیلیوں سے نمٹنے کے لیے منصفانہ مالی معاونت اور ابھرتی ہوئی معیشتوں کے لیے پائیدار ترقی کے مواقع کے فروغ کے حوالے سے موثر کردار ادا کرنے کا اہم پلیٹ فارم فراہم کرے گی۔

بقیہ 30

شروع کرانے کی منظوری دی گئی۔ الیکٹریکل، ووکیشنل اینڈ ڈیجیٹل مارکیٹنگ کیلئے سنٹر آف ایکسی لینس قائم کیے جائیں گے۔ پنجاب میں پہلی مرتبہ سی ایم لینگویج لرننگ پروگرام کے تحت 13 زبانوں کے کورسز کرائے جائیں گے۔ اجلاس میں پنجاب کی پہلی کلینک اینڈ کلینیز اکیڈمی قائم کرنے کی منظوری دی گئی۔ پی سی اے کے تحت کلینک سپورٹ، ہیلتھ کیئر، ہاؤسکنگ، ڈومیسٹک ہیلپ اور دیگر شعبوں میں ٹریننگ دی جائے گی۔ پنجاب کے ٹیکنیکل کالج سے تربیت یافتہ انسٹرکٹرز نے 48 ورلڈ سکل شنگھائی مقابلوں میں چوتھی پوزیشن حاصل کر لی ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کو سکل ڈویلپمنٹ سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ اجلاس کو بریفنگ کے دوران بتایا گیا کہ پنجاب میں چار لاکھ نوجوانوں کی سکل ٹریننگ مکمل ہو گئی ہے، 45 فیصد سے زائد نوجوان برسر روزگار ہو گئے، بیشتر نے تعلیم جاری رکھنے کو ترجیح دی۔ سکل ڈویلپمنٹ اینڈ انٹرپرینیورشپ ڈیپارٹمنٹ کے تحت ٹریننگ مکمل کرنے والے پونے دو لاکھ نوجوانوں کو باعزت روزگار مل گیا۔ سکل ڈویلپمنٹ اینڈ انٹرپرینیورشپ ڈیپارٹمنٹ سے ٹریننگ کر کے 38 ہزار سے زائد نوجوانوں نے بیرون ملک ملازمت حاصل کر لی ہے۔ مینوفیکچرنگ سیکٹر میں 113333 طلبہ کی ٹریننگ مکمل ہو گئی، 50 ہزار سے زائد فوری برسر روزگار ہو گئے۔ بریفنگ کے دوران بتایا گیا کہ آئی ٹی سیکٹر میں 111607 نوجوانوں کی ٹریننگ مکمل ہو گئی، 49588 باعزت روزگار کمانے لگے۔ ایگریکلچر اینڈ لائیو سٹاک کے تحت 23269 کی ٹریننگ مکمل ہو گئی، 10 ہزار 33 کو فوری روزگار مل گیا۔ کنسٹرکشن سیکٹر میں 27069 طلبہ کی ٹریننگ مکمل ہو گئی، 12026 برسر روزگار ہو گئے، انرجی سیکٹر میں 35227 نوجوانوں نے ٹریننگ مکمل کر لی جبکہ 15651 نے روزگار حاصل کر لیا۔ 15319 طلبہ نے ہاسپیٹلٹی اینڈ ٹورازم ٹریننگ کر لی ہے، 6807 فوری برسر روزگار ہو گئے۔ ٹریننگ مکمل کرنے کے بعد مجموعی طور پر 90029 مقامی انڈسٹری میں ملازمت حاصل کرنے میں کامیاب ہو گئے۔ 53509 سیلف ایمپلائمنٹ، 38557 بیرون ملک ملازمت حاصل کرنے میں کامیاب ہو گئے، 39325 نے تعلیم جاری رکھنے کو ترجیح دی۔ دیہات میں ایمپاورنگ وومن بذریعہ انفارمیشن ٹیکنالوجی پروگرام کے تحت 3000 خواتین گھر بیٹھے روزگار کمانے لگیں۔ 15065 اساتذہ اور سٹاف کو انڈسٹری، مینجمنٹ، تدریسی اور سکلز اپ گریڈیشن ٹریننگ دی گئی۔ 220 کمپیوٹر لیب، 100 انڈسٹریل سٹیچنگ لیب، 70 سولر لیب، 27 ہائی ٹیک کنٹرول لیب، وی آر ویلڈنگ لیب اور الیکٹرک وہیکل لیب اپ گریڈ ہو گئے۔ "ماہر" پروگرام کے تحت لاہور، فیصل آباد، سیالکوٹ، گوجرانوالہ اور ملتان کے صنعتی کلسٹرز میں 25 ہزار نوجوانوں کی تربیت کا ہدف مقرر کر دیا گیا۔ "گلوبل روزگار" پروگرام کے تحت بی پی او سیکٹر میں 25 ہزار نوجوانوں کی تربیت کا ہدف دے دیا ہے۔ "ایڈوانس لنک" پروگرام کے تحت 7500 نوجوانوں کو جدید ٹیکنالوجی میں انٹرنیشنل سرٹیفکیشن دی جائے گی۔ 6.2 ارب روپے کے "ہریالی" پروگرام کے تحت زراعت اور گرین انوائرمنٹ میں 20 ہزار نوجوانوں کی تربیت دی جائے گی۔ "پہچان اینڈ امید" پروگرام کے تحت 2474 خواجہ سراؤں کی تربیت مکمل ہوئی۔ "امید" کے تحت 10 ہزار خصوصی افراد کو تربیت دی جائے گی۔ لیونا کے 69 اداروں میں یورپی کوالیفکیشن فریم ورک کے مطابق سالانہ 45700 نوجوانوں کو تربیت دی جائے گی۔

بقیہ 31

کی گئی جن میں 13 مقامات کو سیل کر کے 613 کلو گرام پلاسٹک کو ضبط کر لیا گیا ہے۔ صوبائی وزیر نے یہ بھی کہا ہے کہ فصلوں کی باقیات جلانے کے خلاف کارروائیوں میں 5 لاکھ 16 ہزار 327 وارننگ نوٹس بھی جاری کیے گئے ہیں۔

بقیہ 32

ہوں گے۔ پانچ روزہ بین الاقوامی کانفرنس کا عنوان عمل کے لیے عزم، پاکستان میں آبی تحفظ کا فروغ اور موسمیاتی لچکدار خوراک کے نظام کا حصول منتخب کیا گیا ہے جو 6 نومبر تک جاری رہے گی۔ تقریب کا انعقاد انٹرنیشنل واٹر مینجمنٹ انسٹی ٹیوٹ (آئی ڈبلیو ایم آئی) نے پاکستان کونسل آف ریسرچ ان واٹر ریسورسز (پی سی آر ڈبلیو آر) اور وزارت آبی وسائل کے اشتراک سے کیا ہے۔ کانفرنس میں پالیسی ساز، اراکین پارلیمنٹ، محققین، ترقیاتی شراکت دار، نوجوان رہنما، سول سوسائٹی کے نمائندے اور میڈیا پروفیشنلز شرکت کریں گے۔ کانفرنس میں ذاتی اور آن لائن شرکت کی سہولت بھی دستیاب ہو گی۔ کانفرنس کے دوران دو متوازی موضوعاتی ٹریک پیش کیے جائیں گے جن میں سے ہر ایک 13 سیشنز پر مشتمل ہے جس میں موثر پالیسی کے نفاذ کے ذریعے پانی، زراعت اور خوراک کے نظام کو مضبوط بنانے اور موسمیاتی لچک کے لیے جامع اقدامات کو بڑھانے پر توجہ دی جائے گی۔ زیر بحث آنے والے کلیدی موضوعات میں زیر زمین پانی کا انتظام، آبپاشی کی اصلاحات، خشک سالی اور صحت، موسمیاتی فنانسنگ، COP31 کے لیے پاکستان کی تیاریاں، آبی توانائی-خوراک-ماحول کا گٹھ جوڑ، مصنوعی ذہانت، ڈیجیٹل سہولیات سے استفادہ، بالائی علاقوں کے خطرات اور انڈس بیسن میں خواتین کی قیادت اور پانی کی حفاظت شامل ہیں۔

بقیہ 33

من کیلئے منتقل ہونا پڑے گا، ہم نے صوبے کو امن کا گہوارہ بنانا اور اس کا تشخص بہتر بنانا ہے۔ گورنر نے پی نے کہا کہ کسی کے خلاف کرپشن چارجز ہوئے تو کارروائی ہوگی، کسی پر جرائم ثابت ہوں گے تو سامنا تو کرنا پڑے گا، جب تک سزا و جزا کا نظام نہیں ہوگا، حالات ٹھیک نہیں ہوں گے۔

بقیہ 34

امر کی یاددہانی ہے کہ معاشی دباؤ اور عوامی شکایات کو نظرانداز کرنا سنگین مشکلات پیدا کر سکتا ہے۔ پاکستان کے حالات مختلف ضرور ہیں تاہم حکمرانوں کو ایسے واقعات سے سبق لیتے ہوئے عوامی مسائل کے حل کو اپنی اولین ترجیح بنانا چاہیے۔ چودھری محمد سرور نے کہا کہ دیہاڑی دار مزدور، ٹرانسپورٹر، ورکر، چھوٹے کاروباری افراد اور محدود آمدن والے خاندانوں کے لیے اصل سوال اپنے بچوں کی خوراک، تعلیم، علاج اور گھر کے اخراجات پورے کرنا ہے۔ جب آمدن اور ضروری اخراجات کے درمیان فاصلہ بڑھتا ہے تو معاشی پریشانی کے ساتھ مایوسی اور احساس محرومی بھی جنم لیتا ہے۔

بقیہ 35

گندم لے کر آیا ہے، آپریشنل اعداد و شمار کے مطابق ایم وی ژوئنگ چانگ 538 کو برتھ نمبر 11/10 پر لنگر انداز کیا گیا جس سے 50 ہزار ٹن ڈی اے پی کھاد اتاری جا رہی ہے۔ اب تک 48 ہزار 525 ٹن کھاد اتاری جا چکی ہے، جبکہ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران 5 ہزار 481 ٹن کھاد کی ہینڈلنگ کی گئی۔ دوسری جانب 51 ہزار ٹن گندم لے کر آنے والے جہاز ایم وی گوکو والیم کو برتھ نمبر 16/17 پر لنگر انداز کیا گیا۔ اس جہاز سے اب تک 7 ہزار 200 ٹن سے زائد گندم اتاری جا چکی ہے جبکہ ان لوڈنگ کا عمل جاری ہے۔ جنید انوار چوہدری نے کہا کہ دونوں جہازوں کی بیک وقت ہینڈلنگ کے پی کیو ٹی کی آپریشنل صلاحیت، برتھوں کے موثر استعمال، کارگو ہینڈلنگ میں بہتری اور سپلائی چین کی کارکردگی کا مظہر ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزارت بحری امور جہازوں کے بندرگاہ پر قیام کے دورانیے میں کمی، پورٹ مینجمنٹ کو بہتر بنانے اور بحری بنیادی ڈھانچے کو مضبوط کرنے کے لیے اصلاحات پر کام کر رہی ہے تاکہ بین الاقوامی تجارت کو سہولت فراہم کرنے کے ساتھ ضروری اشیائے خوردونوش اور زرعی مداخل کی بلاتعطل فراہمی یقینی بنائی جا سکے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ اہم اشیا کی بروقت ترسیل اور سپلائی چین کو مستحکم بنانے کے لیے بندرگاہوں کے موثر آپریشنز اور ترسیلی نظام کو بہتر بنانا ناگزیر ہے۔ چیئرمین کے پی ٹی ریئر ایڈمرل شاہد احمد نے کہا کہ کراچی پورٹ ملک کی تجارت اور سپلائی چین کے نظام میں کلیدی کردار ادا کر رہی ہے، بالخصوص زرعی ضروریات اور غذائی اجناس کی درآمد میں بندرگاہ کی اہمیت نمایاں ہے۔ انہوں نے بتایا کہ حکومت کی ہدایات پر دونوں بحری جہازوں کو ترجیحی بنیادوں پر برتھ فراہم کی گئی۔ ان کا کہنا تھا کہ کے پی ٹی بندرگاہ کے بنیادی ڈھانچے کو جدید بنانے، آپریشنل استعداد بہتر کرنے اور کارگو ہینڈلنگ کی صلاحیت بڑھانے کے لیے اقدامات کر رہی ہے تاکہ تجارتی سرگرمیوں اور ملکی معیشت کو مزید سہارا دیا جا سکے۔

بقیہ 36

وزیراعلیٰ نے گلگت بلتستان کو ترقی یافتہ خطہ بنانے کے عزم کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ درپیش چیلنجز سے نمٹنے کے لیے اتحاد، مسلسل کوششوں، موثر منصوبہ بندی اور اچھی حکمرانی کی ضرورت ہے۔ انہوں نے فرقہ وارانہ، لسانی اور گروہی تعصبات سے بالاتر ہو کر کام کرنے، برداشت، ہم آہنگی اور بھائی چارے کو فروغ دینے پر زور دیا اور کہا کہ نفرت، بداعتمادی اور تقسیم پھیلانے والے عناصر کی حوصلہ شکنی ضروری ہے۔ امجد حسین نے معیاری تعلیم، بہتر صحت کی سہولیات اور باعزت روزگار کو حکومت کی اہم ترجیحات قرار دیا، جبکہ خواتین کو تعلیم، ہنرمندی اور معاشی سرگرمیوں میں مساوی مواقع فراہم کرنے کے عزم کا بھی اظہار کیا۔ انہوں نے دہشت گردی کے خلاف جنگ میں مسلح افواج کی قربانیوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ پوری قوم ان کے ساتھ کھڑی ہے۔ گورنر سید مہدی شاہ نے تقریب سے خطاب میں کہا کہ گلگت بلتستان کی آزادی شہدا کی قربانیوں کا نتیجہ ہے، انہوں نے یکم نومبر کو تاریخی اور خوشی کا دن قرار دیتے ہوئے آزادی کے ہیروز کو خراج عقیدت پیش کیا اور کہا کہ آزادی کا تحفظ اجتماعی ذمہ داری ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے یوم آزادی پر گلگت بلتستان کے عوام کو مبارک باد دیتے ہوئے تحریک آزادی میں شریک رہنماؤں اور عوام کی جرات، عزم اور قربانیوں کو سراہا، انہوں نے یکم نومبر 1947 کو ڈوگرہ راج کے خاتمے اور پاکستان سے الحاق کا تاریخی دن قرار دیا۔ وزیراعظم نے گلگت بلتستان کی جغرافیائی اہمیت کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ علاقائی تجارت اور پاک چین اقتصادی راہداری کے ذریعے خطے میں معاشی ترقی کے وسیع امکانات موجود ہیں۔ وفاقی حکومت توانائی، تعلیم، صحت، روزگار اور عوامی تحفظ کے شعبوں میں سرمایہ کاری کے ذریعے معیار زندگی بہتر بنانے اور نوجوانوں کے لیے مواقع پیدا کرنے کے لیے پرعزم ہے۔ شہباز شریف کے مطابق 16 میگاواٹ کا عطر پن بجلی منصوبہ مکمل ہو چکا ہے، جبکہ سستی بجلی کی فراہمی کے لیے 100 میگاواٹ کے سولر پاور پروگرام پر کام شروع کیا گیا ہے، اس منصوبے کے تحت 58 میگاواٹ مجموعی صلاحیت کے سولر پینل ڈیجیٹل قرعہ اندازی کے ذریعے مفت تقسیم کیے جا رہے ہیں، جبکہ اب تک تقریباً ایک لاکھ پینل تقسیم کیے جا چکے ہیں۔ تعلیم کے شعبے میں سلطان آباد، نگر، گاہکوچ اور اسکردو میں 12 ارب 46 کروڑ روپے کی مجموعی لاگت سے 4 دانش اسکولوں کی بنیاد رکھی گئی ہے، وزیراعظم کے مطابق ان اسکولوں میں مالی مشکلات کا شکار باصلاحیت طلبہ کو معیاری تعلیم اور رہائشی سہولیات فراہم کی جائیں گی، لیپ ٹاپ اسکیم کے تحت گلگت بلتستان کے نوجوانوں میں 4 ہزار 245 لیپ ٹاپ تقسیم کیے گئے، جبکہ خطے کے طلبہ کو کرم بکس کی تقسیم میں بھی شامل کیا گیا ہے۔ وزیراعظم نے بتایا کہ وفاقی حکومت نے مکپون داس کو خصوصی اقتصادی زون قرار دینے کی منظوری دے دی ہے، 250 ایکڑ پر مشتمل اس مجوزہ زون میں 155 صنعتی اور تجارتی اداروں کی گنجائش ہوگی جبکہ تقریباً 5 ہزار ملازمتیں پیدا ہونے کی توقع ہے۔ عوامی تحفظ کے حوالے سے انہوں نے گلگت بلتستان سیف سٹی منصوبے کے دوسرے مرحلے کے افتتاح اور سکردو میں اسی نوعیت کا منصوبہ شروع کرنے کا ذکر کیا، وزیراعظم نے مالی مشکلات کے حل، ادارہ جاتی و انتظامی اصلاحات اور عوامی خدمات کی بہتری کے لیے وفاقی تعاون جاری رکھنے کا عزم بھی ظاہر کیا۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے بھی گلگت بلتستان کے عوام کو مبارکباد دیتے ہوئے یکم نومبر کو ان کی جرات، عزم اور آزادی کی جدوجہد کی علامت قرار دیا، انہوں نے آزادی کے لیے دی جانے والی قربانیوں کو سراہتے ہوئے گلگت بلتستان کو پاکستان کا لازمی حصہ اور قومی یکجہتی کی علامت قرار دیا۔ مریم نواز کا کہنا تھا کہ خطے کی منفرد روایات، ثقافت اور قدرتی حسن اسے سیاحوں کے لیے اہم مقام بناتے ہیں، جبکہ اس کی ترقی، خوشحالی اور عوامی فلاح مشترکہ ذمہ داری ہے۔ گلگت بلتستان کی تحریک آزادی نومبر 1947 میں شروع ہوئی، جب برطانوی ہندوستان کی تقسیم کے بعد مقامی افراد نے ڈوگرہ راج کے خلاف جدوجہد کی۔ یکم نومبر 1947 کو مقامی انقلابیوں نے گلگت میں ڈوگرہ انتظامیہ کا تختہ الٹ کر خطے میں اس کی حکمرانی ختم کر دی۔ یہ پیش رفت تقسیم ہند کے بعد جموں و کشمیر میں جاری وسیع تر تنازع کے دوران سامنے آئی۔ بعد ازاں یہ خطہ پاکستانی انتظامیہ کے زیر انتظام آ گیا۔ یکم نومبر کو ہر سال گلگت بلتستان کا یوم آزادی منایا جاتا ہے اور اس جدوجہد میں حصہ لینے والوں کی قربانیوں کو یاد کیا جاتا ہے۔

بقیہ 37

کام کرتے پائے گئے تو وہ بھی ان سے کوئی تعلق نہیں رکھیں گے۔ اعداد و شمار کے مطابق جنوری سے اکتوبر 2026 کے دوران بلوچستان کے مختلف اضلاع میں 108 سے زائد خاندان اپنے دہشت گرد بیٹوں اور بھائیوں سے لاتعلقی کا اعلان کر چکے ہیں۔

بقیہ 38

وکشمیر بار کونسل کو مکانیت کیلئے جگہ فراہم کی جائیگی، وزیراعظم آزاد کشمیر نے اس موقع پر لائرز پروٹیکشن ایکٹ آئندہ کابینہ میں پیش کرنے کی ہدایت کی۔ انہوں نے کہا کہ بروقت انصاف کی فراہمی سے 90 فیصد مسائل حل ہو سکتے ہیں، عام شہری کا ریاست پر اعتماد بحال کرنا حکومت کی ترجیح ہے۔ وزیراعظم آزاد کشمیر نے کہا کہ لاء کمیشن کو فعال بنانے کی ضرورت ہے، 25 سال میں دنیا بہت تیزی سے آگے بڑھی ہے، تعلیم، صحت اور روزگار عام آدمی کے مسائل پر بات کریں، تجاویز دیں۔

بقیہ 39

پر پہلے ڈریم لائنر کا استقبال کیا۔ بوئنگ 787-9 جدید ٹیکنالوجی بشمول ان فلائٹ انٹرٹینمنٹ سے لیس ہے اور کشادہ و آرام دہ کیبن کی خصوصیات کا حامل ہے، ترجمان پی آئی اے کے مطابق ڈریم لائنر کی شمولیت پی آئی اے کے فضائی بیڑے کو جدید خطوط پر استوار کرنے اور بین الاقوامی نیٹ ورک کو مضبوط بنانے کی حکمت عملی کا حصہ ہے۔ پی آئی اے کا مقصد جدید طیاروں کے ذریعے بین الاقوامی معیار کی سفری سہولیات اور مسافروں کو مزید آرام دہ فضائی سفر فراہم کرنا ہے۔

بقیہ 40

میں برابر نمائندگی کا مطالبہ قانون کے مطابق نہیں۔ نیئر بخاری نے کہا کہ پیپلز پارٹی چاہتی ہے اپوزیشن پارلیمانی کمیٹیوں میں واپس آئے اور اپنا کردار ادا کرے۔ انہوں نے کہا کہ ڈھائی سال گزرنے کے باوجود انتخابی قوانین میں اصلاحات کے لیے کوئی قانون سازی نہیں ہوئی۔ نیئر حسین بخاری نے کہا کہ انتخابی قوانین میں اصلاحات اور سزا و جزا کے قوانین پر سختی سے عمل درآمد ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ انتخابی اصلاحات سے انتخابات کے بعد الزامات اور تنازعات کی گنجائش کم ہوگی۔ نیئر بخاری نے کہا کہ اپوزیشن کی شمولیت قانون سازی کے عمل کو مزید تقویت دے گی۔ انہوں نے کہا کہ میں نہ مانوں کی روش ترک کر کے پارلیمان میں ذمہ دارانہ کردار ادا کیا جائے، اپوزیشن لیڈر چیف الیکشن کمشنر اور دو ارکان کی تقرری کے لیے وزیراعظم سے ملاقات کریں۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم ہاؤس اور وزیراعظم و اپوزیشن لیڈر کے چیمبرز کسی کی ذاتی ملکیت نہیں، وزیراعظم ہاؤس اور پارلیمانی چیمبرز ریاست کے دفاتر ہیں، گالم گلوچ اور دشنام طرازی پارلیمانی سیاست کے لیے نقصان دہ ہیں۔

بقیہ 41

فیصلوں میں عملی حصہ لینے کا حق حاصل ہو۔ انہوں نے کہا کہ گلگت بلتستان کی لڑکیوں سے میں کہنا چاہتی ہوں کہ تمہارے خواب اہم ہیں، آپ ٹیچر، ڈاکٹر، سائنسدان، کاروباری شخصیت، کھلاڑی یا عوامی نمائندہ بننا چاہتی ہو آپ کو اپنے مقاصد کے حصول کے لیے مواقع اور معاونت ملنی چاہیے۔ کوئی بھی لڑکی صرف اس لیے اپنی تعلیم ترک نہ کرے کہ اس کا سکول بہت دور ہے، اس کا خاندان اخراجات برداشت نہیں کر سکتا یا اسے یہ کہا جائے کہ اس کی خواہشات کوئی اہمیت نہیں رکھتیں۔ انہوں نے کہا کہ شہید ذوالفقار علی بھٹو کی اصلاحات، شہید محترمہ بینظیر بھٹو کا جمہوری حقوق کے لیے عزم اور پیپلز پارٹی حکومت کی 2009 میں خودمختاری متعارف کرانے کا فیصلہ اس دیرینہ یقین کی عکاسی کرتے ہیں کہ گلگت بلتستان کے لوگوں کو عزت، نمائندگی اور اپنے مستقبل میں زیادہ حصہ لینے کا حق حاصل ہے۔ ہمیں اس عزم کو آگے بڑھانا چاہیے اور وہاں کے نوجوانوں اور خواتین کے لیے مزید دروازے کھولنے چاہییں۔ انہوں نے کہا کہ میری والدہ شہید محترمہ بینظیر بھٹو نے اپنی زندگی سے ہمیں یہ سکھایا کہ خواتین جرات کے ساتھ قیادت، ہمدردی کے ساتھ خدمت اور ان رکاوٹوں کو چیلنج کر سکتی ہیں جو بھی ناقابل عبور محسوس ہوتی تھیں۔ انہوں نے کہا کہ مجھے امید ہے کہ گلگت بلتستان کی بیٹیاں ان کی مثال سے اور اپنے خاندانوں اور برادریوں کی خواتین کے عزم سے طاقت حاصل کریں گی۔ انہوں نے کہا کہ خواتین اور بچوں کے لیے اچھے اسکول، تربیت یافتہ اساتذہ، اسکالرشپس، محفوظ نقل و حمل، ڈیجیٹل رسائی اور معیاری صحت کی سہولیات مواقعوں کے لئے عملی مدد سے آغاز ہونا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ دور دراز کے پہاڑی علاقوں سمیت ماں کو حمل اور زچگی کے دوران بروقت طبی دیکھ بھال میسر ہونی چاہیے۔ خواتین کی صحت، غذائیت اور بہبود ترقی کا مرکزی حصہ ہونا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ گلگت بلتستان کے نوجوان سیاحت، ٹیکنالوجی، زراعت، کھیل اور کاروبار کے ذریعے بہت کچھ کر سکتے ہیں۔ انہیں مہارتوں، قابل اعتماد انٹرنیٹ اور مالیات و منڈیوں تک رسائی کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ وہ خواتین جو ہاتھ کے بنے ہوئے سامان تیار کرتی ہیں، چھوٹے کاروبار چلاتی ہیں یا کھیتوں میں کام کرتی ہیں، انہیں پہچان، منصفانہ معاوضہ اور معاشی خودمختاری کا حق ملنا چاہیے۔ ہمیں نوجوانوں اور خواتین کو اس خطے کے پہاڑوں، گلیشیئرز، دریاؤں اور ثقافتی ورثے کے تحفظ میں شراکت دار کے طور پر شریک بنانا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ ان کا علم اور شرکت محفوظ کمیونٹیز کی تعمیر اور اس قیمتی ماحول کو آنے والی نسلوں کے لیے محفوظ رکھنے کے لیے ضروری ہے۔ خاتون اول نے کہا کہ اس فخر کے دن پر آیئے ہم اپنے عزم کی تجدید کریں کہ گلگت بلتستان ایسا ہو جہاں بچیاں اعتماد کے ساتھ بڑھیں، خواتین عزت اور خود مختاری کے ساتھ زندگی گزاریں اور نوجوان مستقبل کی طرف امید کی نگاہ سے دیکھ سکیں۔ آصفہ بھٹو نے کہا کہ میں گلگت بلتستان کے عوام کے لئے امن، خوشی اور پائیدار خوشحالی کے لئے دعا گو ہوں۔

بقیہ 42

کے مقابلے میں کم نقصان کے ساتھ سامنا کیا، 12 سے 13 ملین مستحق افراد کو جنگ سے پہلے کی قیمتوں پر سبسڈائزڈ پٹرول فراہم کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا گزشتہ 6 ماہ کے دوران آبنائے ہرمز کی صورتحال نے سب کو متاثر کیا ہے۔ مختلف ممالک کو اپنی معیشتیں چلانے کے لیے مہنگے تیل، گیس، ایل پی جی اور دیگر ایندھن کی خریداری کے لیے قیمتی زرمبادلہ کے حصول میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑا، جبکہ عوام کو بھی اپنے خاندانوں کے حوالے سے مشکل فیصلے کرنے پڑے۔ انہوں نے کہا کہ آبنائے ہرمز کا بحران اپنی شدت اور وسعت کے اعتبار سے غیر معمولی رہا ہے اور اس کے مسلسل جاری رہنے سے مختلف ممالک کی استعداد آزمائش سے گزری ہے۔ علی پرویز ملک نے کہا کہ الحمدللہ پاکستان نے وہ معاشی استحکام برقرار رکھا ہے جس کے حصول کے لیے سب نے محنت کی۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں ایندھن کی قیمتوں کے تعین کے طریقہ کار میں شفافیت لائی گئی ہے اور تمام تفصیلات عوام کے سامنے رکھی جا رہی ہیں تاکہ عالمی منڈی میں قیمتوں میں بہتری آنے پر اس کا فائدہ خود بخود عوام کے گھروں تک پہنچ سکے۔

بقیہ 43

حلی کا شکار ہے، اس وقت موجودہ سسٹم میں بھی گیس کا شارٹ فال بڑھ گیا ہے، سردی شروع ہوتے ہی گیس کی طلب کئی گنا بڑھ چکی ہے اور گھریلو صارفین کو بھی گیس کی فراہمی کا مسئلہ بن رہا ہے تاہم سوئی گیس کمپنی نے گھریلو کنکشن پر پابندی غیر معینہ مدت تک بڑھا دی ہے۔ سوئی گیس حکام کے مطابق کنکشن پر پابندی وزارت پٹرولیم نے عائد کی ہے، ایران امریکا جنگ رکنے کے بعد ہی کنکشن بحالی کا امکان ہے۔

بقیہ 44

میگا علاج نیورو سرجری کی اوپریشن اور تھورو سرجری جنرل سرجری کا کئی سرجری روزانہ کی بنیاد پر کی جا رہی ہے ہسپتال میں کسی بھی شکایت کی ازالہ کے لیے شکایت سیل قائم ہے 24 گھنٹے وزیراعظم صحت کارڈ کے ذریعے شیخ میں شامل بیماریوں کا شکار مریضوں کے علاج اوپریشن اور ادویات فراہم کی جا رہی ہیں شیخ بن زید ہسپتال کے ترجمان کے مطابق کانڈنٹ شیخ بن زید ہسپتال سی ایم ایچ مظفرآباد کی سربراہی میں اس وزیراعظم صحت کارڈ پروگرام کے تحت ملنے والی سہولیات پر عوامی سیاسی سماجی مذہبی علمی ادبی سول سوسائٹی کے حلقوں نے اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے اس وزیراعظم پروگرام کو سراہا ہے اور شیخ بن زید ہسپتال میں اس صحت کارڈ کے ذریعے علاج معالجہ اور ادویات کی فراہمی پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے خورشید اعوان بشارت جگوال بلال حسین کاشف اعوان مالک احمد رفیق اعجاز اعوان محترمہ فوزیہ بی بی طارق حسین عمران چوہدری نے اس وزیراعظم صحت کارڈ پروگرام کے اجرا کو سراہا گزشتہ روز میڈیا ٹیم سے گفتگو کرتے ہوئے اس وزیراعظم صحت کارڈ پروگرام سے مستفید ہونے والی بزرگ خاتون زیب النساء نے بتایا کہ 11 دن سے الشیخ بن زید ہسپتال میں زیر علاج ہوں ہسپتال انتظامیہ ڈاکٹرز پیرامیڈیکل سٹاف اور صحت کارڈ عملہ نے مکمل تعاون کیا ہے بروقت علاج اور مجھے ادویات فراہم کیے ہیں کسی نے میرے ساتھ علاج معالجے میں کوئی کوتاہی نہیں کی ہے اب میں پہلے سے بہتر ہوں مجھے اب ڈسچارج کر دیا گیا ہے اور ادویات بھی دی جائیں گی اس موقع پر مریضہ زیب النساء کے صاحبزادے محمد ریاض نے کہا کہ گزشتہ روز سوشل میڈیا پر میرے چھوٹے بھائی سے منسوب اس بارے جو ویڈیو چلائی ہے وہ اس نے لوڈ نہیں کی بلکہ کسی اور نے کر دی ہے شیخ بن زید ہسپتال سی ایم ایچ مظفرآباد میں صحت کارڈ کے ذریعے علاج معالجہ کے عمل پر مکمل مطمئن ہیں میری والدہ کا ہسپتال میں بروقت بہتر علاج ہوا ہے اور بروقت ادویات بھی دی گئی ہیں اب ان کو ڈسچارج کیا گیا اور ساتھ ہی ادویات بھی دی جا رہی ہیں کمانڈنٹ الشیخ بن زید ہسپتال سمیت جملہ سٹاف کے تعاون پر شکریہ ادا کرتا ہوں

بقیہ 45

تعداد (78 فیصد) موٹر سائیکلز حادثات کی ہے اس لیے وقت کی ضرورت ہے کہ روڈ ٹریفک حادثات کی بڑھتی ہوئی شرح کو کم کرنے کے لیے ٹریفک قوانین پر سختی سے عمل کرتے ہوئے لائن اور لین کے نظم و ضبط کا خیال رکھیں۔ ایمرجنسی اعداد و شمار کے مطابق ریسکیو 1122 کے صوبائی مانیٹرنگ سیل کو موصول ہونے والی ایمرجنسی کالز کے مطابق ان ٹریفک حادثات میں 4 5 9 ڈرائیورز، 9 6 9 کم عمر ڈرائیور، 520 مسافر اور 186 پیدل چلنے والے افراد متاثر ہوئے۔ اعداد و شمار سے ظاہر ہوتا ہے کہ 230 ٹریفک حادثات کی فون کالز لاہور کنٹرول روم میں موصول ہوئیں جس میں صوبائی دارالحکومت 282 متاثرین کے ساتھ پہلے، فیصل آباد 76 حادثات میں 89 متاثرین کے ساتھ دوسرے، ملتان 66 حادثات میں 80 متاثرین کے ساتھ تیسرے نمبر پر رہا۔ واضح رہے کہ ان ٹریفک حادثات کے کل 1660 متاثرین میں 1359 مرد اور 301 خواتین شامل ہیں جبکہ زخمی ہونیوالوں میں 338 افراد کی اوسط عمر 18 سال سے کم، 874 افراد کی اوسط عمر 18 سے 40 سال کے درمیان جبکہ 448 زخمی افراد کی اوسط عمر 40 سال سے زائد ہے۔ ان ٹریفک حادثات کے بیشتر واقعات میں 1480 موٹر سائیکلز، 108 آٹو رکشے، 137 کاریں، 35 وینز، 16 مسافر بسیں، 40 ٹرک اور 89 دوسری اقسام کی گاڑیاں شامل ہیں۔

بقیہ 46

سے پاکستان کے خلاف دہشتگردی ہے۔ وزارت اطلاعات ونشریات کے مطابق کابل کو اپنی سرزمین سے پاکستان کے خلاف دہشت گردی روکنے کی ذمہ داری پوری کرنا ہوگی، پاکستان اپنی سلامتی کو لاحق خطرات کے خاتمے کیلئے تمام ضروری اقدامات کا حق رکھتا ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ افغان طالبان کی الزام تراشی اور کھوکھلی یقین دہانیاں پاک افغان بحران کا حل نہیں، پاکستان کا موقف بالکل واضح اور دوٹوک ہے کہ دہشت گردی ہماری ریڈ لائن ہے۔ وزارت اطلاعات نے کہا کہ اپنے شہریوں کے تحفظ اور سلامتی پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جا سکتا، اپنے عوام کے تحفظ کے لیے پاکستان کے عزم کو بھی کمزوری نہ سمجھا جائے۔

بقیہ 47

کے مطابق عمل کیا جا رہا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ وفاقی وزیر داخلہ سید محسن رضا نقوی کے وژن اور ان کے شروع کردہ XX محسن اسپیڈ XX اقدام کے تحت ترقیاتی منصوبوں کو تیز رفتاری سے مکمل کرنے اور اسلام آباد کے مجموعی انفراسٹرکچر کو بہتر بنانے کے لیے اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ واضح رہے کہ کشمیر چوک انڈر پاس منصوبے کا افتتاح وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کیا تھا، جبکہ وفاقی وزیر داخلہ سید محسن رضا نقوی نے اس منصوبے کو 30 روز کے اندر مکمل کرنے کے عزم کا اظہار کیا تھا۔ وفاقی وزیر داخلہ کے وژن کے مطابق اور چیئرمین سی ڈی اے کیپٹن اشرف کی قیادت اور براہ راست نگرانی میں اس منصوبے پر تیزی سے کام جاری ہے تاکہ مقررہ مدت میں تکمیل کے عزم کو پورا کیا جا سکے۔ دورے کے دوران چیئرمین سی ڈی اے کیپٹن اشرف نے متعلقہ افسران، انجینئرز اور تعمیراتی ٹیموں کو ہدایت کی کہ کام کی موجودہ رفتار برقرار رکھی جائے، دستیاب وسائل کا موثر استعمال یقینی بنایا جائے اور باقی ماندہ کام مقررہ 30 روزہ مدت کے اندر مکمل کیا جائے۔ انہوں نے تعمیراتی معیار، حفاظتی انتظامات اور کام کی بروقت تکمیل کو یقینی بنانے پر بھی زور دیا۔ شہریوں کی جانب سے سی ڈی اے کی تیز رفتار ترقیاتی کاوشوں اور کشمیر چوک انڈر پاس منصوبے پر ہونے والی نمایاں پیش رفت کو بھرپور سراہا گیا ہے۔ شہریوں نے تعمیراتی سرگرمیوں کی رفتار پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے عوامی سہولت اور آسانی کے لیے اہم ترقیاتی منصوبوں کو کم سے کم وقت میں مکمل کرنے کے عزم کو بھی قابل تحسین قرار دیا۔ کشمیر چوک انڈر پاس سی ڈی اے کا ایک اہم بنیادی ڈھانچے کا منصوبہ ہے، جس کا مقصد ٹریفک کی روانی کو بہتر بنانا، ٹریفک کے دباؤ اور رش میں کمی لانا اور شہریوں کو آمد و رفت کی بہتر اور ہموار سہولیات فراہم کرنا ہے۔ منصوبے کی تکمیل سے روزانہ سفر کرنے والے شہریوں کو نمایاں سہولت میسر آئے گی اور اسلام آباد کے سڑکوں کے نظام کو مزید موثر بنانے میں مدد ملے گی۔ شدید بارش کے باعث دو روز تک کام معطل رہنے کے باوجود صرف 22 روز میں منصوبے کا 85 فیصد کام مکمل کر لیا گیا ہے۔ سی ڈی اے کشمیر چوک انڈر پاس منصوبے کو اعلان کردہ 30 روزہ مدت کے اندر مکمل کرنے کے لیے پُرعزم ہے۔ چیئرمین سی ڈی اے کیپٹن اشرف نے کہا کہ سی ڈی اے اسلام آباد کو ایک مزید ترقی یافتہ، خوبصورت، صاف ستھرا، سرسبز، ماحولیاتی طور پر پائیدار اور سیاحت دوست جدید دارالحکومت بنانے کے لیے پُرعزم ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ اتھارٹی شہر کے انفراسٹرکچر کی بہتری، شہری سہولیات میں اضافے اور عوام کو بہتر سہولیات کی فراہمی کے لیے ترقیاتی اقدامات کا سلسلہ جاری رکھے گی۔

بقیہ 48

خاتمے کی کوششوں کے لیے فیصلہ کن سال ثابت ہو سکتا ہے۔ اس مقصد کے لیے آئندہ سال جون تک بھی بڑے پیمانے پر انسداد پولیو مہمات منعقد کرنے کی منصوبہ بندی کی جا رہی ہے تاکہ بچوں میں قوت مدافعت برقرار رکھتے، ویکسین سے محروم بچوں تک رسائی اور وائرس کے پھیلاؤ کو روکنے کے اقدامات کو مزید موثر بنایا جا سکے۔ پنجاب ایمرجنسی آپریشنز سنٹر کے کوآرڈینیٹر خالد پرویز کے مطابق نومبر کی انسداد پولیو مہم لاہور میں سات روز جبکہ پنجاب کے دیگر 12 اضلاع میں چار روز جاری رہے گی۔ مہم کے دوران 77 ہزار سے زائد فرنٹ لائن ورکرز گھر گھر جا کر پانچ سال سے کم عمر بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائیں گے۔ مہم کے دوران لاہور میں 22 لاکھ 85 ہزار سے زائد بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے، جبکہ ملتان میں 10 لاکھ سے زائد اور رحیم یار خان میں 11 لاکھ 42 ہزار سے زائد بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے جائیں گے۔ پنجاب ایمرجنسی آپریشنز سنٹر کے کوآرڈینیٹر خالد پرویز نے والدین پر زور دیا کہ وہ ہر انسداد پولیو مہم کے دوران اپنے پانچ سال سے کم عمر بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے لازمی پلوائیں، خواہ انہیں گزشتہ مہمات میں بھی ویکسین دی جا چکی ہو۔ انہوں نے کہا کہ پولیو ایک لاعلاج مرض ہے جو بچوں کو عمر بھر کی معذوری کا شکار بنا سکتا ہے، تاہم بروقت ویکسینیشن کے ذریعے بچوں کو اس موذی مرض سے محفوظ رکھا جا سکتا ہے۔ انہوں نے والدین سے اپیل کی کہ وہ پولیو ٹیموں کے ساتھ بھرپور تعاون کریں اور ٹیموں کی گھر آمد پر اپنے بچوں کو ویکسین پلانے کے لیے دستیاب رکھیں۔ خالد پرویز نے کہا کہ ابتدائی گھر گھر مہم کے دوران رہ جانے والے بچوں تک رسائی کے لیے فالو اپ سرگرمیاں بھی جاری رکھی جائیں گی تاکہ کوئی بھی بچہ پولیو سے بچاؤ کے قطرے پینے سے محروم نہ رہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ تمام ہدف شدہ اضلاع میں ہر بچے تک پولیو ویکسین کی رسائی یقینی بنانا اولین ترجیح ہے۔ خالد پرویز نے کیا کہ مقامی رہنماؤں، علمائے کرام اور کمیونٹی کے بااثر افراد پر بھی زور دیا کہ وہ والدین کو پولیو ویکسین کی اہمیت سے آگاہ کرنے اور بچوں کو ہر مہم کے دوران ویکسین پلانے کی ترغیب دینے میں اپنا کردار ادا کریں۔ انہوں نے کہا کہ ہر بچے کو پولیو سے محفوظ بنانا ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ والدین کا تعاون، کمیونٹی کی شمولیت اور فرنٹ لائن ورکرز کی انتھک محنت ہی ہر بچے تک پولیو ویکسین کی رسائی یقینی بنانے میں کلیدی کردار ادا کر سکتی ہے۔ پنجاب ایمرجنسی آپریشنز سنٹر کی جانب سے مہم کی موثر نگرانی، فیلڈ سطح پر رابطہ کاری اور تمام دستیاب وسائل کو بروئے کار لانے کے لیے اقدامات کیے جا رہے ہیں تاکہ ہر بچے کو پولیو سے محفوظ بنایا جا سکے۔

CamScanner

غزہ کی تباہی عالمی نظام کے اخلاقی دعوؤں کا کڑا امتحان ہے، حافظ نعیم

اتحاد کا مطلب یکسانیت نہیں بلکہ بنیادی اصولوں پر ایک ساتھ مل کر کھڑا ہونا ہے، امیر جماعت اسلامی پاکستان

قانونی پابندی، انسانی امداد اور سفارتی حمایت کے ذریعے فلسطینیوں کا مستقل ساتھ دیا جائے، استقبالیہ سے خطاب

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمان نے کہا ہے کہ غزہ کی تباہی، بھوک اور جبری بے دخلی عالمی نظام کے اخلاقی دعوؤں کا امتحان ہے۔ ترجمہ کے چیف ایگزیکٹو بزنس مین حافظ نعیم الرحمان کا کہنا تھا کہ دنیا میں طاقت اور وسائل کی نہیں بلکہ اصولی اور دیانت دار قیادت کی کمی ہے۔ دنیا کو معاشی خوشحالی، جنگوں اور عالمی قانون کے امتیازی اطلاق جیسے بڑے بحرانوں کا سامنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ امت مسلمہ کا مستقبل مایوسی و تقسیم کے بجائے علم اور عمل کا راستہ اختیار کرنے والوں سے وابستہ ہے، غزہ کی تباہی، بھوک اور جبری بے دخلی عالمی نظام کے اخلاقی دعووں کا امتحان ہے، اتحاد کا مطلب یکسانیت نہیں بلکہ بنیادی اصولوں پر ایک ساتھ مل کر کھڑا ہونا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ہم ایسی دنیا چاہتے ہیں جہاں فلسطین آزاد ہو اور کشمیر (تفصیلہ صفحہ 3 تجزیہ نمبر 1)



راولپنڈی، دربار عالیہ موہڑہ شریف میں ماہانہ محفل میلاد میں پیر سید مجتبیٰ فاروق گل بادشاہ اور دیگر خطاب کر رہے ہیں



راولپنڈی، ڈاکٹر محمد حنیف پیپز مین پاکستان تحریک شاد باد کا عبدالحبیب، ملک ممتاز اور دیگر کا گروپ فوٹو

3 منزلہ عمارت میں خوفناک آتشزدگی، پوری بلڈنگ کو اپنی لپیٹ میں لے لیا

گھر کو مبینہ غیر قانونی طور پر پلاسٹک کے گوداموں کے لیے استعمال کیا جا رہا تھا، ذرائع

راولپنڈی (سٹی رپورٹر) تھانہ سٹی کے علاقے نیا محلہ میں 3 منزلہ عمارت میں خوفناک آتشزدگی کا واقعہ پیش آیا، آگ نے تین منزلہ گھر کی تمام منزلوں کو اپنی لپیٹ میں لے لیا، حکام کے مطابق اے نیا محلہ کے گنجان آباد کے علاقے کی تین منزلہ عمارت جس کے بالائی حصے پر فریزر اور کمرے میں بستر، گدے وغیرہ موجود تھے میں فریزر میں شارٹ سرکٹ کے باعث آگ بھڑک اٹھی جس نے گدے و بستروں کو لپیٹ میں لے لیا، عمارت کی نچلی منزل پر کھلونا کا گودام بھی تھا جبکہ آگ عمارت کو لپیٹ میں لے لیا اور بوسیدہ عمارت کے کسی بھی وقت منہدم ہونے کا اندیشہ پیدا ہو گیا، اطلاع ملتے ہی پولیس عملہ اور ریسکیو 1122 سمیت امدادی ا (تفصیلہ صفحہ 3 تجزیہ نمبر 2)

راولپنڈی پولیس کی کارروائیاں

چوری اور ڈکیتی گینگ کے پانچ ملزمان گرفتار، موٹر سائیکل، بکریاں اور رقم برآمد

راولپنڈی (سٹی رپورٹر) راولپنڈی پولیس نے ڈکیتی، موٹر سائیکل چوری و دیگر وارداتوں میں ملوث گینگ کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے تین گینگ کے 5 ملزمان گرفتار کر کے 7 مسروقہ 3 موٹر سائیکل، 3 بکریاں اور رقم برآمد کر لی۔ تفصیلات کے مطابق کوٹ پولیس نے دو رکنی گینگ کو گرفتار کر کے 4 مسروقہ 3 موٹر سائیکل، 3 بکریاں اور رقم برآمد کی، ترجمہ، راولپنڈی پولیس نے دو رکنی گینگ کو گرفتار کر لیا، ملزمان کی نشاندہی پر پولیس نے 5 ملزمان گرفتار کر کے 2 مسروقہ 3 موٹر سائیکل اور رقم برآمد کی، کینٹ پولیس نے گینگ کے سرغنہ کو گرفتار کر کے مسروقہ 3 موٹر سائیکل و رقم برآمد کی، ملزمان کی نشاندہی پر پولیس نے دو رکنی گینگ کو گرفتار کر کے 4 مسروقہ 3 موٹر سائیکل، 3 بکریاں اور رقم برآمد کی، ملزمان کی نشاندہی پر پولیس نے 04 افراد کو حراست میں لے کر شراب اور الکحل معہ ایمونیشن برآمد کر لیا، ملزمان کے خلاف مقدمات درج کر لیے گئے، ترجمہ (تفصیلہ صفحہ 3 تجزیہ نمبر 3)

راولپنڈی، سینئر افسران کا چرچز اور دیگر اہم مقامات کا دورہ

گرجا گھروں میں مکمل ہاڈی سرچنگ کے بعد داخلے کو یقینی بنایا جا رہا ہے

راولپنڈی (سٹی رپورٹر) سی پی او محسن مشتاق سکھیرا کی ہدایات پر سینئر افسران نے چرچز اور دیگر اہم مقامات کا دورہ کیا، ایس پی پوٹھوہار، ایس ڈی پی او اور ایس ایچ او سمیت دیگر افسران نے فیلڈ میں موجود رہ کر سکیورٹی انتظامات کی نگرانی کی، تفصیلات کے مطابق سی پی او محسن مشتاق سکھیرا کی ہدایات پر سینئر افسران کا چرچز اور دیگر اہم مقامات کا دورہ کیا، ایس پی پوٹھوہار، ایس ڈی پی او اور ایس ایچ او سمیت دیگر افسران فیلڈ میں موجود رہ کر سکیورٹی انتظامات کی نگرانی کر رہے ہیں، گرجا گھروں میں مکمل ہاڈی سرچنگ کے بعد داخلے کو یقینی بنایا جا رہا ہے، فول پروف سکیورٹی بند وقت یقینی بنانے کے لیے راولپنڈی پولیس تمام اقدامات (تفصیلہ صفحہ 3 تجزیہ نمبر 6)

خواتین کو بااختیار بنانے کے لیے ایبرو آرٹ ورکشاپ

گمی تربیت اور فنون کے فروغ کے لیے ایسے اقدامات کی اہمیت پر زور دیا

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی میں خواتین کو ہنرمند بنانے اور ان کی معاشی خودمختاری کے مواقع بڑھانے کے لیے ترسیمہ کے روایتی فن ایبرو پر ورکشاپ منعقد ہوئی جس میں 30 خواتین نے شرکت کر کے اس منفرد فن کی عملی تربیت حاصل کی، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے اعلامیہ کے مطابق ورکشاپ کا انعقاد یونیورسٹی کے ڈائریکٹوریٹ آف انٹرپرینیورشپ کمیونیکیشن اینڈ انگیجمنٹ نے پنجاب ایمرے انٹی ٹیوٹ کے تعاون سے کیا، اس اقدام کا مقصد خواتین کی تخلیقی صلاحیتوں کو نکھارنا اور انہیں اس فن کو پیشہ (تفصیلہ صفحہ 3 تجزیہ نمبر 7)



لاہور: سموگ کی وجہ سے فضا ابر آلود ہے

سی ڈی اے کی ایمرجنسی اینڈ ڈیزاسٹر مینجمنٹ ٹیموں کی کارروائی

گرینڈ مارکی، ای الیون فورا سلام آباد میں لگنے والی آگ پر قابو پالیا

شہریوں کی جانب سے سی ڈی اے کے بروقت اور موثر اقدامات کو سراہا گیا

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) وفاقی وزیر داخلہ محسن رضا نقوی کے دورن اور پیپز مین کنٹرول ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) کنٹرل اشراف کی ہدایات پر سی ڈی اے کی ایمرجنسی اینڈ ڈیزاسٹر مینجمنٹ ٹیموں نے اسلام آباد کے سیکٹر ای الیون فور میں واقع گرینڈ مارکی میں آتشزدگی کے واقعے پر فوری کارروائی کرتے ہوئے بروقت جائے وقوعہ پر پہنچ کر ریسکیو اور فائر فائٹنگ آپریشن شروع کیا، آتشزدگی کی اطلاع 31 اکتوبر 2026 کو رات 10 بج کر 30 منٹ پر موصول ہوئی، جس کے صرف دس منٹ بعد، رات 10 بج کر 40 منٹ پر ڈی ای ایف فائٹنگ ٹیمیں جائے وقوعہ پر پہنچ گئیں، آگ پر قابو پانے اور اسے قریبی عمارتوں تک پھیلنے سے روکنے کے لیے فوری طور پر مربوط اور جامع آپریشن شروع کیا گیا، ریسکیو اور فائر فائٹنگ آپریشن میں مجموعی طور پر 48 افسران اور اہلکاروں نے حصہ لیا، جبکہ آپریشن کے لیے 7 فائر ٹینڈرز، ایک ایمبولینس، ایک ریسکیو (تفصیلہ صفحہ 3 تجزیہ نمبر 5)

ایمرجنسی ہیلپ لائن 15 پر ڈکیتی کی بوگس کال کرنے والا شخص گرفتار کرلیا

راولپنڈی (سٹی رپورٹر) وارث خان پولیس نے ایمرجنسی ہیلپ لائن 15 پر ڈکیتی کی بوگس کال کرنے والا شخص گرفتار کر لیا، تفصیلات کے مطابق وارث خان پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ایمرجنسی ہیلپ لائن 15 پر ڈکیتی کی بوگس کال کرنے والے شخص کو گرفتار کر لیا، ملزم کے مقدمہ کے مطابق کال کر نے والے شخص نے گھر میں ڈکیتی کی واردات کی کال کی تھی، وارث خان پولیس نے تحقیقات کیں تو ڈکیتی کا کوئی واقعہ سرزد ہونا نا پایا (تفصیلہ صفحہ 3 تجزیہ نمبر 4)

راولپنڈی، در بار عالیہ موہڑہ شریف میں ماہانہ محفل میلاد میں پیر سید مجتبیٰ فاروق گل بادشاہ اور دیگر خطاب کر رہے ہیں



سابق وفاقی وزیر ہمایوں اختر خان مختلف علاقوں کا دورہ کر رہے ہیں

مری ریسکیو 1122 ماہ اکتوبر میں 2872 متاثرین کو ایمرجنسی سروسز فراہم

گزشتہ ماہ (2842) ایمرجنسی کالز موصول ہوئیں اس دوران (2872) متاثرین کو بروقت ریسکیو سروسز فراہم کی گئیں

1331 متاثرہ افراد کو ابتدائی طبی امداد فراہم کرنے کے بعد ضلع مری کے مختلف ہسپتالوں میں منتقل کیا گیا، ماہانہ رپورٹ

مری (نمائندہ خصوصی) ریسکیو 1122 مری نے گزشتہ ماہ (2872) متاثرین کو بروقت ایمرجنسی سروسز فراہم کیں، ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر ریسکیو 1122 مری ماہانہ رپورٹ کے مطابق گزشتہ ماہ (2842) ایمرجنسی کالز موصول ہوئیں اس دوران (2872) متاثرین کو بروقت ریسکیو سروسز فراہم کی گئیں، (2872) متاثرین میں سے (1331) متاثرہ افراد کو ابتدائی طبی امداد فراہم کرنے کے بعد ضلع مری کے مختلف ہسپتالوں میں منتقل کیا گیا، (1289) متاثرہ افراد کو ریسکیو اہلکاروں نے بروقت موقع پر ہی ابتدائی طبی امداد فراہم کی، جبکہ (29) افراد مختلف حادثات میں موقع پر ہی جاں بحق ہو گئے، تفصیلات کے مطابق (167) روڈ ٹریفک حادثات، (7) چھوٹے بڑے آگ لگنے کے واقعات، (208) بلندی سے گرنے کے واقعات، لاوارثی جھگڑے کے (9) واقعات، (1979) میڈیکل ایمر (تفصیلہ صفحہ 3 تجزیہ نمبر 8)

راولپنڈی 10 لاکھ بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے جائینگے، مہم کا آج سے آغاز

نومبر کی انسداد پولیو مہم لاہور میں سات روز جبکہ پنجاب کے دیگر 12 اضلاع میں چار روز جاری رہے گی کو آر پی او نیشنل خالد پرویز

مقامی رہنماء، علماء اور کمیونٹی کے بااثر افراد والدین کو پولیو ویکسین کی اہمیت سے آگاہ کرتے ہوئے اپنا کردار ادا کریں، گفتگو

راولپنڈی (نمائندہ خصوصی) راولپنڈی میں انسداد پولیو مہم کے دوران 9 لاکھ 90 ہزار بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے جائیں گے۔ پنجاب کے 13 اضلاع میں پانچ سال سے کم عمر بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کے لیے سات روزہ اور چار روزہ انسداد پولیو مہم کا آغاز پیر 2 نومبر سے ہوگا، مہم کے دوران پنجاب بھر میں 93 لاکھ سے زائد بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ رواں سال پنجاب میں پہلی بار انسداد پولیو مہم بیک ٹیسٹڈ اسیوٹائزیشن ڈیز مہم ہے۔ اس سے قبل رواں سال دو قومی انسداد پولیو مہمات اور دو سب نیشنل مہمات منعقد کی جا چکی ہیں۔ یہ مسلسل مہمات پاکستان سے پولیو وائرس کے خاتمے اور اس کی منتقلی کا سلسلہ روکنے کے لیے مرتب کردہ قومی حکمت عملی کا اہم حصہ ہیں۔ ماہرین صحت کے مطابق 2027 پاکستان میں پولیو کے (تفصیلہ صفحہ 3 تجزیہ نمبر 12)



کوئٹہ: زرغون روڈ پر مزدور ترقیاتی کاموں میں مصروف ہیں

سہیل اشرف کاکشمیر چوک انڈر پاس منصوبے کا دورہ

جاری ترقیاتی کاموں کی تازہ ترین پیش رفت کا جائزہ

شہریوں کی جانب سے سی ڈی اے کی تیز رفتار ترقیاتی کاوشوں کو سراہا گیا

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) پیپز مین کنٹرول ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) کنٹرل اشراف نے کشمیر چوک انڈر پاس منصوبے کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے تعمیراتی کاموں کی تازہ ترین پیش رفت کا جائزہ لیا اور منصوبے پر جاری ترقیاتی سرگرمیوں کی رفتار کا معائنہ کیا، دورے کے دوران پیپز مین سی ڈی اے کو بریفنگ دی گئی کہ 31 اکتوبر 2026 تک صرف 22 روز میں منصوبے کا 85 فیصد کام کامیابی سے مکمل کر لیا گیا ہے، شدید بارش اور خراب موسمی حالات کے باعث دو روز کام معطل رہا، اس کے باوجود منصوبے پر کام تیز رفتاری سے جاری ہے اور اسے مقررہ 30 روزہ مدت کے اندر مکمل کر لیا جائے گا، منصوبے پر ہونے والی نمایاں پیش رفت متعلقہ حکام کی نگرانی میں ہوئی، منصوبہ وفاقی وزارت مواصلات اور شہری سہولیات کی بہتری کے لیے وزیر اعظم محمد شہباز شریف کے وژن (تفصیلہ صفحہ 3 تجزیہ نمبر 10)

راولپنڈی پولیس نے 04 افراد کو حراست میں لے کر شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا

راولپنڈی (سٹی رپورٹر) راولپنڈی پولیس نے 04 افراد کو حراست میں لے کر شراب اور الکحل معہ ایمونیشن برآمد کر لیا، تفصیلات کے مطابق راولپنڈی پولیس نے کارروائیاں کرتے ہوئے 04 افراد کو حراست میں لے کر 10 لیٹر شراب اور الکحل معہ ایمونیشن برآمد کر لیا، زیر حراست افراد کے خلاف کارروائیاں تھانہ وارث خان، صادق آباد اور گلزار سیداں کے حدود میں کی گئیں، ڈوج ٹل ایس پیز کا کہنا تھا کہ مقدمات (تفصیلہ صفحہ 3 تجزیہ نمبر 11)



راولپنڈی، UIG کے زیر اہتمام منعقدہ سیمینار کے موقع پر پیپز مین ملک ایم اے شاہد حمزہ شاہد اور دیگر خطاب کر رہے ہیں

پیٹرولیم نرخ تعین کا طریقہ کار تبدیل، اطلاق آئندہ 30 روز کے لیے ہوگا

درآمدی قیمت کا تعین پی ایس او کے اصل درآمدی کارگو کی لاگت پر ہوگا، کابینہ کی منظوری سے نیا فارمولا جاری

ریفائنریز کو پریمیم، اضافی اخراجات اور کسٹمز ڈیوٹی 7 مارچ 2026 کی سطح پر رکھنے کی اجازت ہوگی، ذرائع

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) ایران امریکا کشیدگی کے تناظر میں پیٹرول کی قیمتوں کے تعین کا طریقہ کار تبدیل کر دیا گیا، نئے طریقہ کار کا اطلاق آئندہ 30 روز کے لیے ہوگا، ذرائع کے مطابق کابینہ کی منظوری کے بعد پیٹرولیم ڈویژن نے ریفائنریز کو نیا فارمولا جاری کر دیا، پیٹرول کی درآمدی قیمت کا تعین پی ایس او کے اصل درآمدی کارگو کی لاگت پر ہوگا، اصل درآمدی لاگت دستیاب ہونے پر آخری کارگو کا پریمیم اور اضافی اخراجات اسٹمحال کرنے کی اجازت ہوگی، آمل ریفائنریز آئندہ 30 روز تک پیٹرول کی ایکس ریفائنری قیمت 7 مارچ 2026 کی سطح پر مقرر کر سکیں گی، ریفائنریز کو پریمیم، اضافی اخراجات اور کسٹمز ڈیوٹی 7 مارچ 2026 کی سطح پر رکھنے کی اجازت ہوگی، ذرائع کے مطابق درآمدی قیمت اور ایکس ریفائنری قیمت کا فرق ریفائنریز کو پیٹرولیم بونی کی سہ میں جمع کرانا ہوگا (تفصیلہ صفحہ 3 تجزیہ نمبر 9)

اسلامی یونیورسٹی کے صدر سے جامعہ الغزالی کے چانسلر کی ملاقات

امت مسلمہ کے اتحاد و وقار کے لیے مشترکہ کاوشوں پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی اسلام آباد کے صدر و قائم مقام ریکٹر پروفیسر ڈاکٹر احمد سعد الاحمد سے جامعہ الغزالی کے چانسلر صفتی عبدالرحیم نے ملاقات کی، ملاقات میں قرآن و سنت کی تعلیمات کے فروغ، اسلامی تعلیم و تحقیق اور امت مسلمہ کے اتحاد و وقار کے لیے مشترکہ کاوشوں پر تبادلہ خیال کیا گیا، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی کے اعلامیہ کے مطابق صفتی عبدالرحیم نے کراچی میں منعقدہ بین الاقوامی کانفرنس میں شرکت پر صدر جامعہ کا شکریہ ادا کرتے ہوئے ان کی شرکت کو تحسین کے لیے باعث اعزاز قرار دیا، پروفیسر ڈاکٹر احمد سعد الاحمد نے کہا کہ قرآن و سنت کی تعلیمات کو وسیع تر حلقوں تک پہنچانا ایک اہم د (تفصیلہ صفحہ 3 تجزیہ نمبر 13)



لاہور میں شدید فضائی آلودگی کے درمیان لوگ ریلوے ٹریک کے ساتھ ساتھ چل رہے ہیں

گلگت کے عوام نے ڈوگرہ حکمرانوں کے خلاف تاریخی جدوجہد کی حریت کانفرنس

یکم نومبر 1947ء کو عوام نے ڈوگرہ راج سے آزادی حاصل کی یہ دن انکی قربانی اور پاکستان سے تاریخی وابستگی کی روشن علامت ہے

قربانیاں قومی تاریخ کا قابل فخر سرمایہ، آج کے دن ہمیں مقبوضہ کشمیر کے عوام کو بھی یاد رکھنا چاہیے، غلام صفی، پرویز شاہ، امتیاز وانی

اسلام آباد (کے ایم ایس) کل جماعتی حریت کانفرنس کی آزاد جموں وکشمیر شاخ نے گلگت بلتستان کے عوام کو یوم آزادی کی دلی مبارک باد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ یکم نومبر گلگت بلتستان کی تاریخ کا ایک عظیم اور یادگار دن ہے جو ان کی بہادری، قربانی اور آزادی سے وابستگی کی روشن علامت ہے۔ کل جماعتی حریت کانفرنس کی آزاد جموں وکشمیر شاخ کے کنوینر غلام محمد صفی، جنرل سیکرٹری ایڈووکیٹ پرویز احمد شاہ اور سیکرٹری اطلاعات امتیاز وانی نے ایک مشترکہ بیان میں کہا کہ یکم نومبر 1947ء کو گلگت بلتستان کے غیور عوام نے ڈوگرہ راج سے آزادی حاصل کی اور یہ دن ان کی بہادری، قربانی اور پاکستان سے تاریخی وابستگی کی روشن علامت ہے۔ حریت رہنماؤں نے کہا کہ گلگت بلتستان کے غیور عوام نے ڈوگرہ حکمرانوں کے خلاف جدوجہد کر کے آزادی کی تاریخ رقم کی۔ ان کی قربانیاں ہماری قومی تاریخ کا قابل فخر سرمایہ ہیں (تفصیلہ صفحہ 3 تجزیہ نمبر 24)

آئی ٹی پی کی طلبا کیلئے 42 روز ہلرز انتظار کی مدت کے بغیر موٹر سائیکل لائسنس فراہمی جاری

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) اسلام آباد ٹریفک پولیس نے کالج اور یونیورسٹی کے طلبا کے لیے ایک خصوصی سہولت متعارف کرائی ہے، جس کے تحت یکم نومبر سے 30 نومبر 2026 تک، 42 روزہ لازمی لرزمدت مکمل کیے بغیر موٹر سائیکل ڈرائیونگ لائسنس حاصل کر سکتے ہیں، آئی ٹی پی کے حکام کے مطابق، چیف ٹریفک آفیسر (سی ٹی او) اسلام آباد، کاشف اکبر خان نے بتایا کہ اس اقدام کا مقصد وفاقی دارالحکومت (تفصیلہ صفحہ 3 تجزیہ نمبر 17)

پاکستان واٹر ویک کانفرنس 2026 (آج) سے اسلام آباد میں شروع ہوگی

خوراک کے نظام کے استحکام کیلئے قومی اور بین الاقوامی شراکت دار شریک ہوں گے

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) چھٹے پاکستان واٹر ویک 2026 کے لیے تیاریاں مکمل کر لی گئی ہیں جو (آج) پیر 2 نومبر کو اسلام آباد میں شروع ہو گا، واٹر ویک میں آبی وسائل کے تحفظ اور موسمیاتی لچک پر مبنی خوراک کے نظام کے استحکام کیلئے قومی اور بین الاقوامی شراکت دار شریک ہوں گے۔ پانچ روزہ بین الاقوامی کانفرنس کا عنوان مل کے لیے عوم پاکستان میں آبی تحفظ کا فروغ اور موسمیاتی لچکدار خوراک کے نظام کا حصول منتخب کیا گیا ہے جو 6 نومبر تک جاری رہے گی، تحریب کا انعقاد انٹرنیشنل واٹر مینجمنٹ انسٹی ٹیوٹ ((تفصیلہ صفحہ 3 تجزیہ نمبر 14)



راولپنڈی، سکھ روڈ آدھی سڑک سے زیادہ پر محیط موٹر سائیکل پارکنگ کے باعث بند ہے

تمام پڑھے لکھے باشعور افراد کے بھی ان انتخابات میں حصہ لینے کی ترغیب دیں

لوگ ہر بھائی کو لسانیت جیسے مسائل سے دور چلیں اور وہ حقیقی تبدیلی چاہتے ہیں، ڈاکٹر محمد حنیف مغل

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) پیپز مین پاکستان تحریک شاد باد ڈاکٹر محمد حنیف مغل نے کہا ہے کہ آمدہ بلدیاتی انتخابات کے حوالے سے پیپز پورا انداز میں تیاریاں جاری ہیں، پاکستان تحریک شاد باد ملک میں حقیقی جمہوری نظام کے لیے کوشاں ہے، اسی لیے ہم بلدیاتی انتخابات میں نہ صرف پیپز پر، حصہ لیں گے بلکہ تمام پڑھے لکھے باشعور افراد کے بھی ان انتخابات میں حصہ لینے کی ترغیب دیں گے۔ اسلام آباد کے بلدیاتی انتخابات میں ہم ہر حلقے سے امیدوار کھڑا کریں گے۔ جبکہ راولپنڈی میں بھی ہم نے بلدیاتی انتخابات کی تیاریوں کا آغاز کر دیا ہے۔ لوگوں میں شعور اجاگر کرنا اور ان کو اپنے حقوق کی آواز بلند کرنے کے لی ان کی (تفصیلہ صفحہ 3 تجزیہ نمبر 18)

نواز شریف شہباز شریف کی قیادت میں حکومت بہتر اقدامات کے لیے دن رات کوشاں ہے

موجودہ مشکل ترین حالات میں عوامی بھلائی کے لیے، بہت اقدامات کر رہے ہیں، ڈاکٹر نسیم ظفیہ

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) وفاقی پارلیمانی سیکرٹری صحت و پاکستان مسلم لیگ ن کے مرکزی نائب صدر ڈاکٹر نسیم ظفیہ نے کہا ہے کہ حکومت کا پاک چین ہسپتال کا قیام عوامی صحت حامد کی طرف ایک بہترین اقدام ہے جس سے عام عوام کو بہترین فوائد حاصل ہوں گے، ہم ملک میں صحت کی سہولیات کو بہتر بنانے اور عوام و الناس کی بہتری کے لے موثر اقدامات کر رہے ہیں جن کے نتائج بہترین برآمد ہوں گے، پاکستان میں موجود رہ مشکل ترین حالات میں عوامی بھلائی کے لیے، بہت اقدامات کر رہے ہیں، ایران جنگ اور اب سعودیہ جنگ کے وجہ سے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کی وجہ سے مشکلات پیدا (تفصیلہ صفحہ 3 تجزیہ نمبر 19)



راولپنڈی، ڈھوک چوہدریاں اور سیکم تھری کے وسط میں کارپوچ میں کارکا سائل نصب ہے



راولپنڈی، ہمیلٹن روڈ سیوریج لائن توسیع کا کام کے باعث مزدور کندھے پر بوری لادے جا رہا ہے

گیس بحران میں اضافہ نئے گھریلو کنکشن پر پابندی بڑھا دی گئی، ایل پی جی ایسوسی ایشنز کا ملک گیر ہڑتال کا اعلان

سوئی گیس کمپنی نے گھریلو کنکشنز کی فراہمی پر عائد پابندی ختم کرنے کے بجائے اسے غیر معینہ مدت تک برقرار رکھنے کا فیصلہ

حکومت کی جانب سے نرخ تعین کا نیا فارمولہ مسترد، 16 نومبر سے ایل پی جی کی فروخت بند کر دی جائے گی، ایسوسی ایشنز

کراچی، اسلام آباد، لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) ملک میں گیس کی بڑھتی ہوئی قحط کے باعث نئے کنکشن حاصل کرنے کے منتظر صارفین کی مشکلات مزید بڑھ گئی ہیں، سوئی گیس کمپنی نے گھریلو کنکشنز کی فراہمی پر عائد پابندی ختم کرنے کے بجائے اسے غیر معینہ مدت تک برقرار رکھنے کا فیصلہ کیا ہے، ٹی ٹی دی کی رپورٹ میں ذرائع کے حوالے سے بتایا گیا ہے کہ رواں ماہ سے کمرشل شعبے میں بھی نئے گیس کنکشنز کی فراہمی روک دی گئی ہے، ہوٹلوں، حمدردوں اور دیگر کاروباری صارفین کو بھی اس فیصلے کے تحت کنکشن نہیں دیے جا رہے، جبکہ ہزاروں افراد فوری کنکشن کے لیے اضافی فیس ادا کرنے کے باوجود انتظار میں ہیں۔ گیس کی دستیابی سے متعلق مشکلات کی ایک بڑی وجہ آر ایل این جی کی سپلائی میں تعطل بتائی جا رہی ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ درآمدی گیس کی فراہمی متاثر ہونے کے (تفصیلہ صفحہ 3 تجزیہ نمبر 15)

آئی ٹی پی کی طلبا کیلئے 42 روز ہلرز انتظار کی مدت کے بغیر موٹر سائیکل لائسنس فراہمی جاری

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) اسلام آباد ٹریفک پولیس نے کالج اور یونیورسٹی کے طلبا کے لیے ایک خصوصی سہولت متعارف کرائی ہے، جس کے تحت یکم نومبر سے 30 نومبر 2026 تک، 42 روزہ لازمی لرزمدت مکمل کیے بغیر موٹر سائیکل ڈرائیونگ لائسنس حاصل کر سکتے ہیں، آئی ٹی پی کے حکام کے مطابق، چیف ٹریفک آفیسر (سی ٹی او) اسلام آباد، کاشف اکبر خان نے بتایا کہ اس اقدام کا مقصد وفاقی دارالحکومت (تفصیلہ صفحہ 3 تجزیہ نمبر 17)

مہنگائی و دہشتگردی اور لاقانونیت نے عوام کا جینا دوبھر کر دیا ہے، کاشف سعید

آٹے، گندم سے سولر پلیٹوں تک کرپشن نے سندھ کو اپنی لپیٹ میں لے رکھا ہے

دیانتدار قیادت ہی بحرانوں سے نکال سکتی ہے، امیر جماعت اسلامی سندھ

کراچی (خصوصی رپورٹر) امیر جماعت اسلامی سندھ کاشف سعید شیخ نے کہا ہے کہ مہنگائی، دہشت گردی اور لاقانونیت نے عوام کا جینا دوبھر کر دیا ہے، جبکہ دنیا کے مسائل حل کرنے کے دعوے کرنے والی قیادت اپنے ملک کے بنیادی مسائل حل کرنے میں ناکام دکھائی دیتی ہے۔ ان کے بقول انٹلیکچوئل پارٹی نے سندھ کے حالات اس نہج پر پہنچا دیے ہیں کہ اب وفاقی ادارہ وڈیرا ایجی سوہائی حکومت کی بات سننے کو تیار نہیں۔ وزیر اعلیٰ کا امتیازی بیان حالات کے باعث دو روز تک تعمیراتی کاموں کی تازہ ترین پیش رفت کا جائزہ لیا اور اسے مقررہ 30 روزہ مدت کے اندر مکمل کرنے کا حکم دیا، منصوبے کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے تعمیراتی کاموں کی تازہ ترین پیش رفت کا جائزہ لیا اور منصوبے پر جاری ترقیاتی سرگرمیوں کی رفتار کا معائنہ کیا، دورے کے دوران پیپز مین سی ڈی اے کو بریفنگ دی گئی کہ 31 اکتوبر 2026 تک صرف 22 روز میں منصوبے کا 85 فیصد کام کامیابی سے مکمل کر لیا گیا ہے، شدید بارش اور خراب موسمی حالات کے باعث دو روز کام معطل رہا، اس کے باوجود منصوبے پر کام تیز رفتاری سے جاری ہے اور اسے مقررہ 30 روزہ مدت کے اندر مکمل کرنے کا حکم دیا، منصوبے کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے تعمیراتی کاموں کی تازہ ترین پیش رفت کا جائزہ لیا اور منصوبے پر جاری ترقیاتی سرگرمیوں کی رفتار کا معائنہ کیا، دورے کے دوران پیپز مین سی ڈی اے کو بریفنگ دی گئی کہ 31 اکتوبر 2026 تک صرف 22 روز میں منصوبے کا 85 فیصد کام کامیابی سے مکمل کر لیا گیا ہے، شدید بارش اور خراب موسمی (تفصیلہ صفحہ 3 تجزیہ نمبر 16)



کراچی میں کارگن ریلوے ٹریک پر مرمت اور دیکھ بھال کا کام کر رہے ہیں

افغانستان سے ہونیوالی دہشتگردی پر تشویش، پاکستان کی حمایت کرتے ہیں، امریکہ

طالبان کے ناکافی اقدامات کے باعث اسلام آباد نے کارروائی کی، امریکا نہیں چاہتا کہ پاکستان دہشتگردی کا نشانہ بنے

کوشش ہے کہ یوکرین تباہ کن جنگ کو روک کر امن کے لیے قابل عمل راستہ تلاش کیا جائے، امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو نے کہا ہے کہ افغانستان سے ہونے والی دہشتگردی قابل تشویش ہے جب کہ پاکستان کی حمایت کرتے ہیں۔ مارکو روبیو کا کہنا تھا کہ پاکستان کا موقف ہے کہ افغان طالبان نے اپنی سرزمین سے ہونے والے دہشت گرد حملوں کو روکنے کے لیے موثر اقدامات نہیں کیے، طالبان کی جانب سے ناکافی اقدامات کے باعث پاکستان نے کارروائی کی ہے، امریکا نہیں چاہتا کہ پاکستان دہشت گردی کا نشانہ بنے۔ دوسری جانب یوکرین جنگ کے حوالے سے انہوں نے کہا ہے کہ وہ چین سے نہیں کہہ سکتے کہ مذاکرات کے ذریعے یوکرین میں امن ممکن ہو سکے گا یا نہیں۔ امریکی وزیر خارجہ کا کہنا تھا کہ کوئی یہ دعویٰ نہیں کر رہا کہ روس اور یوکرین کے درمیان امن معاہدہ ہونے کے قریب ہے، تاہم امریکا ایک انتہائی تباہ کن جنگ کو روکنے کی کو (تفصیلہ صفحہ 3 تجزیہ نمبر 20)

اشتہار زیر آرڈر 5 رول 20 ضابطہ دیوانی پاکستان

**بعدالت قاضی دش